Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ھیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۷۸۶
۱۱۰-۹۲
یا صاحب الزماں ادرکنیؑ

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

NOT FOR COMMERCIAL

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گریہ وماتم
کا تحقیقی جائزہ



ڈاکٹر و حکیم مبارک علی جعفری

احیاءِ طبِ اسلامی پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَّلْيَبْكُوا كَثِيراً

پس تمہیں چاہیئے کہ ہنسیں کم اور روئیں زیادہ

سورۃ توبہ آیت ۸۲

سبیل سکینہؑ
[illegible] نمبر ۸-C1

گریہ و ماتم کا تحقیقی جائزہ

از قلم

ڈاکٹر حکیم مبارک علی

ناشر

احیاء طب اسلامی پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب: گریہ و ماتم کا تحقیقی جائزہ

از قلم: ڈاکٹر و حکیم مبارک علی جعفری

نظر ثانی: ارشاد علی بلوچ

ناشر: احیاء طب اسلامی پاکستان

تاریخ اشاعت: جنوری ۲۰۱۰ء

کمپیوٹر کمپوزنگ: محمد فرحان، غوثیہ کمپیوٹر
گاڑی کھاتہ، قاضی عبدالقیوم روڈ، حیدرآباد

قیمت: -/70 روپے

ملنے کا پتہ

امامیہ سیلز پوائنٹ قدم گاہ مولا علیؑ حیدرآباد

Ph: 0333-2622692

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
	انتساب	6
1	فطرتی جذبہ	7
2	کیا آبائی تقلید درست ہے؟	9
3	ظالم وڈیرے چوہدری کیا چاہتے ہیں؟	11
4	حارکات رذیلہ رکھنے والے لوگ کیا چاہتے ہیں؟	15
5	ضمیر کا فیصلہ	20
6	کیا گریہ وزاری فطرتِ انسانی کے مطابق ہے؟	21
7	بچہ مظلوم کا ساتھ دیتا ہے؟	22
8	گریہ جدائی	24
9	بچوں کا ماں کی جدائی میں گریہ وزاری کرنا	25
10	بیٹی کی جدائی میں گریہ کرنا	26
11	پولیس والوں کے مظالم اور گھر والوں کا گریہ و ماتم	26
12	خبر حزن سن کر گریہ وزاری کرنا	28
13	گریہ محبت	27
14	گریہ ندامت	27
15	مقصد سے وابستگی کا حامل گریہ	27
16	اجتماعی گریہ وزاری	27
17	جناب زینبؑ کا خطبہ سن کر اجتماعی گریہ وزاری	29
18	گریہ وزاری کو حرام قرار دینے کے نقصانات	30
19	رسول خداؐ کا گریہ	32
20	جنگ احد کے مصیبت زدہ کا گریہ وزاری سے استقبال	33

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

21	آنحضرتﷺ کا سنت قولی وفعلی کی روشنی میں گریہ	33
22	سنت فعلی کی روشنی میں آنحضرتﷺ کا بُکاء	33
23	سنتِ تقریری کی روشنی میں گریہ وزاری	35
24	وفاتِ حضرت ابوطالبؑ پر نبی کریمؐ کا سخت گریہ	35
25	میرا رونا امت پر رحم وشفقت ہے	36
26	حضرت علیؑ کے لئے نبی کریم کا سخت گریہ	36
27	نبی کریم کا اپنے دادا عبدالمطلب پر رونا	37
28	موذن بلالؓ کا ماتم	37
29	رسول اللہؐ کا حضرت امام حسینؑ پر گریہ وزاری	38
30	حضرت امام حسینؑ کی پیدائش کے موقعہ پر آنحضرتؐ کا گریہ	39
31	خلفاء راشدینؓ کا گریہ وماتم	42
32	حضرت ابوبکر صدیقؓ کا گریہ	43
33	محبت رسول کریمؐ میں گریہ	43
34	وفات رسول اللہؐ پر ابوبکرؓ کا گریہ	43
35	وفات رسول اللہؐ پر حضرت ابوبکرؓ کا مرثیہ	43
36	حضرت عمرؓ کا گریہ	45
37	حضرت عمرؓ کا اپنے بیٹے پر گریہ	45
38	حضرت عمرؓ کا اپنے بھائی پر گریہ	45
39	حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کا گریہ	46
40	حضرت عثمانؓ کا وفات نبیؐ میں غمزدہ ہونا	46
41	حضرت علیؑ کا گریہ	46
42	وفات نبی کریمؐ پر صبر اچھا نہیں	47
43	وفات رسول کریمؐ پر کن کن نے گریہ وماتم کیا؟	47

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

44	جناب عائشہؓ کا ماتم	47
45	کن لوگوں نے آنحضرتؐ کی وفات پر مرثیے اور ماتمی اشعار کہے	50
46	قرآن کی نظر میں گریہ و ماتم	54
47	قرآن کریم کی روشنی میں ہنسیں کم اور روئیں زیادہ	57
48	بچے کیلئے رونا فائدہ مند ہے	60
49	معرفت کا رونا	61
50	گریہ حسینؑ کا اخلاقی اثر	62
51	انسان و حیوان	64
52	آنسو کیا ہیں یہ کیوں نکلتے ہیں؟	65
53	کیا حسینؑ کے غم میں رونا بزدلی ہے؟	67
54	دائمی غم	69
55	امام حسینؑ پر گریہ ایک معجزہ ہے	70
56	عزاداری کیا ہے؟	74
57	مقصد حسینؑ بکلام حسینؑ	80
58	ہمارا گریہ و ماتم	82
59	حسین علیہ السلام کی نظر میں یزید	83
60	تاریخ علم	96
61	سیاہ علم کیوں لہراتے ہیں	102
62	یہ سیاہ علم کس کا ہے	103
63	یہ علم کیا چاہتا ہے؟	104
64	بے بصیرت لوگ	105
65	حکایات و ہدایات	107
66	گمراہ عزادار	108

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انتساب

ان عظیم عورتوں کے نام جنہوں نے
شہدائے اسلام پر گریہ وماتم کیا اور
رسول خداؐ نے ان کیلئے یہ دعا فرمائی:
"الٰہی! ان عورتوں سے ،
ان کی اولاد سے اور
اسکی اولاد سے راضی ہو جا"۔

احقر
مبارک علی جعفری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فطرتی جذبہ

انسانی جذبات دو قسم کے ہیں

☆ جذبہ خوشی ☆ جذبہ غم

دونوں فطری جذبے ہیں اور ایک دوسرے کا بدل ہیں جیسا کہ رات نہ ہوتی تو دن کی قدر نہ ہوتی مصیبت نہ ہوتی تو راحت کا احساس نہ ہوتا اندھیرا نہ ہوتا تو روشنی کی قدر و قیمت معلوم نہ ہوتی، بیماری نہ ہوتی تو صحت جیسی نعمت کا پتہ نہ چلتا، غم نہ ہوتا تو خوشی کی حقیقت نہ معلوم ہوتی۔

خوشی و غمی یہ زندگی کے دو مختلف رنگ ہیں جس سے ہر انسان کو گزرنا پڑتا ہے وہ غریب ہو یا امیر، ڈاکٹر ہو یا انجینئر، تاجر ہو یا ملازم جاہل ہو یا عالم بہرحال غمی و خوشی کا اظہار کرنا فطرتی تقاضہ ہے جس میں یہ حس موجود نہ ہو وہ انسان نہیں کچھ اور ہو سکتا ہے۔

خوشی کے موقعہ پر نیا لباس پہن کر چہرہ ہشاش بشاش بنا کر گلے ملتے ہیں اور غمی کے موقعہ پر ایک دوسرے سے غمی کا اظہار ماتمی لباس پہن کر چہرے کو غمگین بنا کر کرتے ہیں یہی عین فطرت کا جذبہ ہے۔

غم کے تین درجات ہیں۔

گریہ یعنی رونا۔ یہ غم کا ابتدائی درجہ ہے

بُکا یعنی نوحہ۔ یہ غم کا دوسرا درجہ ہے۔

ماتم۔ یہ غم کا تیسرا درجہ ہے۔

انشاء اللہ انہی عنوانات پر قرآنی آیات، سنت رسول ﷺ اور صحابہ کرامؓ اور

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عقلی دلائل کی روشنی میں جائزہ لیں گے۔

گریہ و ماتم اگر انسانی صحت کیلئے نقصاندہ ہے اور معاشرے میں انفرادی و اجتماعی ظلم وستم اور معاشرتی برائیوں کو جنم دیتا ہے تو پھر بیشک یہ فعل انجام نہیں دینا چاہئے اور اس کی روک تھام کیلئے سخت اقدام کرنا چاہیئے، اگر یہی گریہ و ماتم انسانی صحت کیلئے مفید ہے اور معاسرے میں انفرادی و اجتماعی ظلم وستم اور معاسرتی برائیوں کا خاتمہ کرتا ہے تو یہ فعل انجام دینا چاہئے اور اس کی ترویج کیلئے احسن اقدام کرنے چاہیئے۔

آیئے ہم گریہ و ماتم کا منفی اور مثبت پہلوؤں سے تحقیقی جائزہ لیتے ہیں۔ یاد رکھیں دنیا میں دو قانون کارفر ہیں۔

اول۔ جو مان لیا ہے اسی کو ثابت کریں گے۔

دوسرا۔ جو ثابت ہوگا اس کو مان لیں گے۔

پہلے کا نام تعصب ہے اور دوسرے کا نام تحقیق ہے۔

جتنا علم کی مقدار میں اضافہ ہوتا ہے اتنا ہی خیالات میں تغیر و ترقی ہوتی ہے جتنے مختلف علوم اور متضاد پر عبور ہوتا ہے اسی قدر تعصب کافور ہوتا ہے جس قدر مثبت اور منفی کے مضامین نظر سے گزرتے ہیں محاکمہ کی قوت بڑھتی ہے جس قدر مطالعہ کی کثرت ہوتی ہے آزادئ رائے مین وسعت ہوتی ہے۔

جس قدر بحث و مباحثہ کو دیکھا اور سنا جائے اس قدر صحیح فیصلے کے قریب پہنچا جا سکتا ہے، ہر اگلے قدم میں پچھلے قدم کی غلطی معلوم ہونے کا قوی امکان ہوتا ہے ہر متلاشی کو منزل مقصود پر پہنچنا آسان ہو جاتا ہے۔ بشرطیکہ خود ایک فریق نہ ہو۔ جو کھٹکھٹائے گا اس کیلئے دروازہ کھولا جائے گا۔ اور جو مخلصانہ تلاش کریگا گوہر مراد پائیگا ہر ہتھیار رگڑ کھا کر تیز ہوتا اور پتھر چرخ کھا کر شفاف۔ آدمی مدتوں میں انسان بنتا ہے اور عالم عرصہ دراز میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صاحب عرفان بنا ہے، دین سے بے پروا افراد آبائی تقلید کے چکر میں رہتے ہیں اور دنیا کو مسافر خانہ جاننے والے خاندانی عقائد کو تحقیق کی کسوٹی پر کستے ہیں۔

افسوس احمق کا خیال بلا تحقیق جما رہتا ہے اور عاقل کا خیال تحقیق کے ساتھ جگہ بدلتا رہتا ہے یہی سبب ہے کہ علماء کی بعض تصانیف میں متضاد مضامین پائے جاتے ہیں لیکن اگر انسان نہ اپنے خلاف سننا چاہئے نہ دیکھنا تو لذتِ تحقیق سے محروم رہے گا اور حق سے نا آشنا رہے گا اسی کا نام تعصب ہے اس کا نام اندھی تقلید ہے۔

کیا آبائی تقلید درست ہے؟

اگر بزرگوں کی تقلید ہی میں حق محصور ہے تو تمام انبیاء پر انکے زمانہ میں ایمان لانے والے سب سے زیادہ غلط کار اور آبائی تقلید سے انحراف کے مجرم اور سزا وار ہوں گے حالانکہ انہیں ہم انصار اللہ حواریان کرام صحابہ عظام اور اوائل والے مومن کہتے ہیں اور اگر یہ دلیل صحیح ہو تو دوسرا یہ غلط پہلو صحیح تسلیم کرنا پڑے گا کہ تمام کفار بھی برسرِ حق ہیں کیونکہ وہ بھی اپنے بزرگوں کی لکیر کے فقیر ہیں حقیقت یہ ہے کہ غلط راستے یا غلط فکر کو چھوڑ کر سیدھے راستے پر آنا اور چھکڑا ترک کر کے موٹر دوڑانا کہیں اور کسی معنی میں بھی غلط نہیں ہے۔ حق یہ ہے کہ ہم مسلمانوں کو اللہ اور رسول خداؐ سے واسطہ ہے جو کچھ انکے ارشادات سے ثابت ہوا اسے مان لیا اور عمل کیا آبائی تقلید کو حق و صدق ترجیح دینے والوں کی نسبت خدائے کریم کا ارشاد ہے۔

"جب ان سے کہا جاتا ہے کہ کلام خدا اور رسول کی طرف آؤ تو کہتے ہیں جس طریقے پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہمیں کافی ہے اور چاہے ان کے باپ دادا کچھ بھی نہ جانتے ہوں اور نہ ہدایت پر ہوں"۔ (

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

افسوس کل جو جواب کافر دیتے تھے آج وہی جواب مسلمان دیتے ہیں حق یہ ہے کہ آبائی غلطی جتا کر سیدھا راستہ بتانے والا ایک طرح انبیائے ماسلف کی نیابت کی جھلک لئے ہوئے ہے اور دوسری طرف قرآن کے خلاف آبائی غلطی پر اڑنے والے کفار کی قائم مقامی کار پر تولئے ہوئے ہیں۔ جاگو تعصب سے بھاگو اور تحقیق کے سائے میں آؤ۔

آیئے ہم تحقیقی نقطہ نگاہ سے روزمرہ زندگی کا جائزہ لیتے ہیں کہ گریہ ماتم کن لوگوں کیلئے نقصاندہ ہے؟

ہمارے معاشرے میں مختلف خیالات رکھنے والے لوگ رہتے ہیں۔ اچھے خیالات رکھنے والے لوگ اچھے افعال انجام دیتے ہیں اور برے خیالات رکھنے والے لوگ برے افعال انجام دیتے ہیں یہ حقیقت ہے کہ برے لوگوں کی خواہشات کی راہ میں جو اصول رکاوٹ کا سبب بنتے ہیں تو یہ لوگ ان اصولوں کے خاتمے کیلئے تحریک چلاتے ہیں تاکہ انکی دلی خواہشات پوری ہوسکیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ظالم وڈیرے چوہدری کیا چاہتے ہیں؟

ایک گاؤں میں ایک بڑا سرمایہ دار چوہدری (وڈیرا) رہتا تھا جس کے ہزاروں نوکر چاکر تھے نوکر آقا (چوہدری) کے کہنے پر لوگوں کا مال و اسباب لوٹ لیا کرتے تھے۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ چوہدری کے محل کے سامنے سے ایک بچہ گزر رہا تھا جو ایک سونے کی انگشتری پہنے ہوئے تھا چوہدری نے اپنے محل کی کھڑکی سے دیکھا اور اپنے ملازم کو حکم دیا کہ جاؤ اس بچے کے ہاتھ سے انگشتری چھین کر لے آؤ۔ نوکر گیا بچے کے منہ پر ایک زور سے طمانچہ مارا اور انگشتری چھین لی اور دھتکار کر وہاں سے بھگا دیا وہ بچہ ایک چوراہے پر جا کر کھڑا ہو گیا وہ بچہ نہ رویا نہ چلایا نہ ہی رونے کی شکل بنائی ہزاروں لوگ ادھر سے ادھر گزر گئے۔ کوئی بھی بچے کی طرف متوجہ نہ ہوا تھوڑی دیر بعد وہ بچہ گھر چلا گیا اس نے اپنا سارا واقعہ اپنے والدین کو سنایا مگر والدین کے ذہن میں مولوی صاحب کی یہ بات تھی کہ بڑے آدمی کو برا کہنا گناہ ہے لہٰذا چوہدری کو برا کہنا بھی گناہ ہے اور مولوی صاحب نے یہ بھی کہا تھا کہ "ان اللہ مع الصابرین" اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اگر ہم نے صبر کر لیا تو اللہ ہمارے ساتھ ہو گا یعنی اس کی ہمدردیاں ہمارے ساتھ ہوں گی لہٰذا صبر کر لینا بہتر ہے۔

پھر چند روز کے بعد ایک یتیم بچہ اس کے محل کے سامنے سے گزرا اس کے ہاتھ میں ماسٹر صاحب کی فیس کے دو سو روپے تھے چوہدری نے کہا جاؤ اس بچے کے ہاتھ سے پیسے چھین کر لے آؤ۔ ملازم گیا اور اس کے منہ پر تھپڑ رسید کیا کان لہولہان کر دیا اور دو سو روپے چھین لئے اور وہاں سے بھگا دیا اور وہ بچہ کان پر ہاتھ رکھتے ہوئے روتا ہوا اسی چوراہے پر کھڑا ہو کر روتا رہا، ہائے امی میں مر گیا، ہائے امی میں مر گیا اس کے رونے کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

آواز سن کر چلتے ہوئے راہ گیر لوگ رک گئے اور بچے سے پیار سے پوچھنے لگے اے بیٹا ۔۔۔ تجھے کیا ہوا ہے تجھے کس نے مارا ہے؟ کیا راستہ بھول گیا ہے؟ چند ایک لوگوں نے بچے کو پیار کیا اور کسی نے پیار بھرے لہجے میں پوچھا بیٹا بتاؤ تو سہی کیا ہوا ہے؟ جب بچے کو یقین ہو گیا کہ یہ لوگ میرے ہمدرد ہیں تو بچہ روتے ہوئے کہنے لگا میں ماسٹر صاحب کی فیس لیکر چوہدری کے محل کے سامنے سے گزر رہا تھا تو چوہدری کے ملازم نے میرے منہ پر طمانچہ مارا اور میرے دو سو روپے چھین لئے لوگوں نے کہا کہ چوہدری کے ملازم کتنے ظالم ہیں کہ بچے کو اتنے زور سے تھپڑ مارا کہ لہولہان کر دیا۔

بچے کی یہ داستان سن کر کچھ افراد چوہدری کے پاس گئے اور تکرار کرتے ہوئے کہا کہ تمہارے ملازم نے اس غریب بچے سے رقم بھی چھین لی ہے اور اس قدر مارا ہے کہ اس کے کان سے خون بہہ رہا ہے۔ چوہدری نے ان کی ایک بھی نہ سنی اور انہیں اپنے محل سے دھتکارتے ہوئے نکال دیا۔ چوہدری کیلئے جو عزت تھی وہ اب نفرت میں بدل گئی اور ان لوگوں نے اپنے گاؤں میں چوہدری کے ظالمانہ رویے کا اس قدر چرچہ کیا کہ پورا گاؤں اس سے نفرت کا اظہار کرنے لگا۔

جب چوہدری کو پتا چلا کہ چورا ہے پر بچے کی گریہ وزاری کرنے سے لوگوں میں میرے خلاف نفرت کی آگ بھڑک اٹھی ہے ایک شخص غلام حسین میرے مظالم اور برائیوں کو تحریروں اور تقریروں کے ذریعے لوگوں میں عام کر رہا ہے تو اس نے اس کو بھی جان سے مار دیا تا کہ اس کے مخالفوں کو عبرت حاصل ہو سکے چونکہ چوہدری خوب اچھی طرح جانتا تھا کہ اس کی گریہ وزاری میں قوت جاذبیت ہے جس کی وجہ سے چلتے ہوئے لوگ بھی رک جاتے ہیں اور مظلوم کی داستان سن کر ظالم کے ظلم کے خلاف اظہار نفرت کرتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact: jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گریہ وزاری۔۔۔ احساس انسانیت کو ابھارتا ہے۔

گریہ وزاری۔۔۔ مظلومیت کو ظاہر کرتا ہے اور ہمدردی کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔
گریہ وزاری۔۔۔ ظالم سے نفرت اور مظلوم سے محبت کا مادہ پیدا کرتا ہے۔
گریہ وزاری کی آواز سے اجتماعی قوت پیدا ہوتی ہے اور ظالم کے خلاف جمود و سکوت کو توڑ کر انسانوں میں تحریک پیدا کرتی ہے۔
گریہ وزاری۔۔۔ مظلوموں کے حامیوں میں اضافے کا سبب بنتا ہے اور ظالم لوگوں کے کارکنوں اور حامیوں میں کمی کا سبب بنتا ہے۔

جب چوہدری کو یہ معلوم ہوا کہ گریہ وزاری اس کے مفادات کی راہ میں رکاوٹ پیدا کر رہا ہے اور اس کے مظالم کو عیاں کر رہا ہے اور اس کی خود ساختہ عزت کو نقصان پہنچ رہا ہے تو چوہدری صاحب نے حکم جاری کر دیا کہ آج سے ہمارے علاقے میں گریہ وماتم بند کر دیا جائے جو بھی گریہ وزاری کرتے ہوئے دیکھا گیا اسے سخت سزا دی جائے گی۔۔

برادر من! جذباتی کیفیت سے ہٹ کر تعصب کی عینک اتار کر ٹھنڈے دل سے غور و فکر کریں گے تو یہ حقیقت عیاں ہو جائے گی کہ چوہدری کے مظالم کو مرد و زن کے گریہ وزاری اور نوحے کی درد بھری آواز نے عیاں کیا۔ اور چوہدری کے ظالمانہ فعل سے نفرت کرنے لگے آخر کار چوہدری نے اپنے مظالم کو چھپانے کیلئے گریہ وزاری پر پابندی لگا دی۔ تاکہ ظالم کے عیب ظاہر نہ ہوں اور عوام اس کے خلاف اظہار نفرت کرتے ہوئے قیام نہ کریں۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اگر آپ کا دل و دماغ گریہ وزاری نوحے کے ذریعے سے ظالم کے ظلم اور برائیوں کو عیاں کر کے مظلوموں کی ہمدردیاں حاصل کرنا چاہتا ہے تو یہ یقین کرلیں کہ اجتماعی جلسے جلوس اور گریہ وزاری، ظلم کے خلاف احتجاج ہیں یہ احتجاج اس وقت تک جاری رہنے چاہییں جب تک ظالم سے مظلوم کا حق بازیاب نہ کرالیا جائے۔ اور ظالم اپنے کیفر کردار کو نہ پہنچ جائے گریہ وزاری دراصل ظالموں سے نفرت کا اظہار اور ان کے خلاف رائے عامہ ہموار کر کے ظالم کے مقابل صف آراء کرنے کا نام ہے، مظلوم کا ساتھ دینا، مظلوموں کے ساتھ حقیقی ہمدردی کا ثبوت ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حرکاتِ رذیلہ رکھنے والے لوگ کیا چاہتے ہیں؟

ہمارے معاشرے میں مادی خواہشات کو پورا کرنے کے ہزاروں، لاکھوں واقعات ہوتے رہتے ہیں جیسے یہاں چند ایک واقعات بیان کرتا ہوں تا کہ آپ ان واقعات سے گریہ وزاری کے بند کرنے کے اسباب سمجھ سکیں۔

ایک نوجوان اپنی مادی خواہش کو پورا کرنے کیلئے ایک رات کو دیوار پھلانگ کر کسی گھر میں داخل ہو گیا اور وہاں سوئی ہوئی لڑکی کو پکڑا لڑکی چیخنے چلانے اور رونے پیٹنے لگی، لڑکا اسکے رونے پیٹنے اور چیخنے چلانے سے خوف زدہ ہو گیا اور بھاگ نکلا۔ اس لڑکے نے سوچا اس لڑکی کے رونے پیٹنے اور چلانے سے میری خواہش پوری نہ ہو سکی۔

اسی نوجوان لڑکے کا ایک دوست بادشاہ تھا وہ بھی رذیلہ خیالات کا مالک تھا ایک دن بادشاہ سلامت نے اپنے ملازموں کو حکم دیا اس کسان کی خوبصورت لڑکی کو اٹھا کر محل میں لایا جائے اس کے ملازمین بادشاہ سلامت کے حکم کی تکمیل کرتے ہوئے کسان کے گھر پر پہنچے لڑکی کو اٹھانے لگے تو لڑکی رونے پیٹنے اور چلانے لگی، گھر اور گاؤں کے لوگ جاگ اٹھے اور بادشاہ سلامت کے ملازمین پکڑے گئے اور انہیں خوب مارا پیٹا گیا، ملازمین نے کہا ہمارا کیا قصور ہے؟ ہمیں تو بادشاہ سلامت نے بھیجا ہے۔ اس واقعہ کے بعد گاؤں میں بادشاہ سلامت کے خلاف کافی نفرت پھیل گئی اور لوگ بادشاہ سلامت کے خلاف ہو گئے بادشاہ سلامت نے ایک اجلاس بلوایا جس میں تمام جرائم پیشہ افراد کو مدعو کیا اور بادشاہ سلامت نے کہا کوئی ایسی ترکیب بتائیں کہ ہم عوام الناس پر جتنا بھی معاشی، سیاسی، سماجی جنسی ظلم وستم کریں عوام ہمارے خلاف کوئی آواز نہ اٹھائیں بلکہ ہمارے ہر فیصلہ کو قبول

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کریں۔

ہر شخص نے مختلف رائے دی مگر ابوراہب نے کہا میں آپ کو چار نکاتی فارمولا پیش کرتا ہوں آپ عوام الناس کو اس پر عمل پیرا کروائیں اس کے بعد جو چاہیں ظلم وستم کریں عوام آپ کے خلاف نہیں اٹھے گی۔

بادشاہ نے کہا وہ کون سا فارمولا ہے؟

اول۔ رونا پیٹنا، چلانا رونے کی شکل بنانا حرام قرار دے دیا جائے۔

دوئم۔ برے کو برا کہنا گناہ تصور کیا جائے۔

سوئم۔ انا اللہ مع الصابرین "اس آیت کی اسطرح تفسیر کی جائے کہ حاکم وقت (بادشاہ) کسی قسم کا معاشی، سیاسی، سماجی، ظلم وستم کرے اس پر صبر کرنے ہی سے خدا تمہارے ساتھ ہو جائے گا بادشاہ کے خلاف آواز نہ کرنا اور نہ ہی قیام کرنا بلکہ صبر اختیار کرنا چاہیئے۔ بادشاہ کی اطاعت میں یہ قرآنی آیت پیش کریں کہ "اطاعت کرو اللہ کی اور رسول اللہ ؐ کی اور صاحب حکومت کی "عوام الناس کو معلوم نہیں ہے کہ قرآن الحکیم نے برے حاکم کے بارے میں کیا کہا ہے جبکہ قرآن حکیم میں سورۃ مائدہ آیت نمبر ۴۵ میں خداوند کریم ارشاد فرماتا ہے۔

"جو حکومت کرتا ہوا نظر آئے اس کی حکومت قرآن کے
مطابق نہ ہو وہ ظالم وکافر اور فاسق ہے"

ان بادشاہوں کی حکومتیں ان کی خواہشات اور خود ساختہ قوانین کے مطابق ہوا کرتی ہیں نا کہ احکام قرآن کے مطابق۔

چہارم: اچھائی اور برائی اللہ کی جانب سے ہے۔ (یاد رکھیں! اچھائی خدا کی جانب سے اور برائی شیطان کی جانب سے یا انسان کی غلط سوچ اور غلط فکر کی وجہ سے غلطیاں سرزد ہوا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرتی ہیں۔)

ابو راہب نے کہا مندرجہ بالا چار نکات کی چھ ماہ تک تبلیغ کی جائے اس کے بعد آپ اس کا نتیجہ دیکھ لیں۔ بادشاہ سلامت نے تمام علماء درباریوں اور معزز حضرات کو بلوایا اور ان کو چار نکاتی فارمولے کی تبلیغ کی ہدایت فرمائی۔

درباری علماء کرام وذاکرین حضرات نے چھ ماہ دن رات تبلیغ کی اور بادشاہ سلامت کے دستر خوان کی خوب روٹیاں توڑی، چھ ماہ بعد ابو راہب نے کہا اب جاؤ ۔۔۔تمہارا جو جی چاہے کرو اب نہ ہی عوام تمہارے خلاف آواز بلند کرے گی اور نہ ہی آپ کے خلاف اٹھے گی۔

بادشاہ سلامت نے اپنے دوست سے کہا جاؤ اور دیکھو یہ فارمولا کہاں تک درست ہے۔ بادشاہ سلامت کا وہی دوست اس جوان لڑکی سے اپنی خواہش پوری کرنے کیلئے گھر پہنچا اور عزت لوٹی اس مرتبہ لڑکی نے کوئی مداخلت نہیں کی بادشاہ کے دوست نے پوچھا یہ تو بتاؤ گذشتہ سال میں آیا تھا تو تم رونے پیٹنے اور چلانے لگی تھیں آج تم نہ روئی نہ پیٹی اور نہ چلائی آخر اس کی کیا وجہ ہے نوجوان لڑکی نے کہا میرے استاد مولانا صاحب نے فرمایا ہے رونا، پیٹنا اور چلانا حرام ہے، لہٰذا میں یہ فعل کیوں انجام دوں، اتنی گفتگو کے بعد گھر چلا گیا اور سوچنے لگا واقعی یہ فارمولے کی پہلی شق کامیاب ہوئی اب دوسری شق کو دیکھتے ہیں۔

جب دوسرا دن ہوا میں پھر اسی لڑکی کے پاس گیا اور اپنی خواہش پوری کی اور اس لڑکی سے پوچھا یہ تو بتاؤ تم نے کسی کو تو نہیں کہا اس لڑکی نے کہا تم نے میری عزت لوٹی ہے تم بڑے ہوئے اور چونکہ بڑے کو برا کہنا گناہ ہے تو میں یہ گناہ کیوں کروں۔ تم نے عزت لوٹی میں نے صبر کیا کیونکہ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے، پھر تمہارا ابھی اس میں کیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصور ہے اچھائی برائی تو اللہ ہی کی جانب سے ہے اس گفتگو کے بعد میں رخصت ہوا اور سوچنے لگا ابو راہیب کا یہ فارمولا ہماری رذیلہ خواہش کو پورا کرنے میں بے حد مفید ثابت ہوا ہے اب تو میں تمام اہل خانہ کی عزت لوٹتا رہتا ہوں اور وہ سب گھر والے میری عزت کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ میری برائی کو ایک دوسرے سے ذکر نہیں کرتے کیونکہ ان کے ذہن میں مولوی صاحب نے یہ بات ڈال دی ہے کہ برے کو برا کہنا گناہ ہے برے لوگوں مثلاً: چور، ڈاکو، قاتل، غاصب، ظالم و فاسد حاکم وغیرہ کے برے فعل کو برا کہنا گناہ ہے پھر ان کے خلاف گواہی کون دے گا؟

بادشاہ کے دوست نے بادشاہ سے کہا واقعی ابو راہب کا چار نکاتی فارمولا بے حد کامیاب ثابت ہوا ہے، بادشاہ سلامت نے اپنے ملازموں کو حکم دیا کہ کسان کی لڑکی کو اٹھا کر دربار میں حاضر کیا جائے۔ آدھی رات کو بادشاہ کے ملازمین کسان کے گھر گئے لڑکی آرام کر رہی تھی لڑکی کو اٹھایا اور بادشاہ کے دربار میں حاضر کر دیا۔ اس مرتبہ لڑکی نہ روئی نہ چلائی نہ ہی پیٹی۔ بادشاہ سلامت نے لڑکی سے پوچھا کہ تم کو گزشتہ سال میرے ملازمین اٹھانے کیلئے آئے تھے تو تم نے رونا، پیٹنا اور چلانا شروع کر دیا تھا اب کے تم نے یہ فعل انجام کیوں نہیں دیا؟؟ کسان کی لڑکی نے کہا بادشاہ سلامت مولوی صاحب نے فرمایا ہے کہ رونا، پیٹنا، اور چلانا حرام ہے لہٰذا میں یہ حرام فعل کیوں انجام دیتی بادشاہ سلامت لڑکی کی یہ بات سن کر بہت خوش ہوا۔

بادشاہ سلامت لڑکی کو اپنے محل میں لے گیا اور رات بھر اپنی خواہش پوری کی، صبح کو بادشاہ سلامت نے اسے اعلیٰ لباس اور اشرفیاں دی کر رخصت کیا۔ جب کسان کی لڑکی گھر پہنچی تو باپ نے پوچھا بیٹی رات بھر کہاں غائب رہی؟ بیٹی نے جواب دیا ابا جان بادشاہ سلامت نے یاد کیا تھا اور مجھے یہ اعلیٰ لباس اور اشرفیاں دیں ہیں۔ اس کا باپ بادشاہ کے حق میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دعائیں دینے لگا خداوند کریم بادشاہ سلامت کی عمر دراز کرے، اور اس کی حکومت کو دائم بخشے جو ہم غریبوں کا خیال رکھتا ہے۔

اسی طرح بادشاہ سلامت کی حکومت کے خلاف جو بھی اٹھتا ہے اسے پکڑ کر خوب اذیتیں دی جاتی ہیں۔ اب عوام ان کے خلاف آواز بلند نہیں کرتی کیونکہ بادشاہ کے برے فعل کو برا کہنا گناہ ہے۔ بادشاہ سلامت اس چار نکاتی فارمولے سے بے حد خوش ہوا اور ابو راہیب کو بلوا کر خوب انعامات سے نوازا دانشمند اور مظلوم طبقہ، بادشاہ کے اس چار نکاتی فارمولے سے قطعی متفق نہ تھا۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ بادشاہ نے اپنے مفاد کیلیۓ غلط تفسیر کر کے عوام کو گمراہ کیا ہے یہ قانون غیر فطری، غیر عقلی ہے۔ جسے بادشاہ نے اپنی حکومت کے استحکام اور عیاشی کیلیۓ رائج کیا ہے۔

اس لئے ارشاد خداوندی ہے کہ گنہگار اور فاسق کی اطاعت نہ کرو۔

(سورۃ دھر آیت نمبر ۲۴)

ارشاد امام حسینؑ ہے کہ:

مجھے اپنی جان کی قسم امام وہ ہے جو کتاب خدا کے مطابق حکومت کرے اور لوگوں کے ساتھ عدالت کرے اور دین کا پابند ہو۔ (کتاب ارشاد)

فاسق، ظالم اور غیر عادل حکومتیں چاہتی ہیں کہ گریہ زاری اور جلسے جلوس بند کر دیئے جائیں تا کہ ان کے مظالم اور غلط پالیسیاں عیاں نہ ہوں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ضمیر کا فیصلہ

اگر گریہ وزاری حرام ہو جاے اور اس پر ہر مرد وزن عمل پیرا ہو جائے تو دیکھتے ہیں کہ معاشرے کا کیا حال ہوگا اور معاشرہ کس رخ کی جانب جائے گا۔ اس کی ایک مثال پیش کرتا ہوں۔

ایک مرد کار چلا رہا ہے ایک مقام پر ایک لڑکی کو دیکھا اس مرد نے کار روکی اور لڑکی کا ہاتھ پکڑ کر کار میں بٹھا لیا لڑکی نہ روتی ہے نہ چلاتی ہے نہ ہی پیٹتی ہے اور آرام سے کار میں بیٹھ جاتی ہے اب اس کی مرضی جہاں لے جائے اور اپنی خواہش کو پورا کر کے چھوڑ دے یا کسی کے ہاتھ فروخت کر دے۔ تو پھر ہر برا شخص کسی کی ماں، بہن بیٹی کو اٹھا کر لے جائے گا اور اپنی خواہش پوری کر کے چھوڑ دے گا، اور پھر اسی طرح یہ معاشرہ ایک فاسد معاشرہ بن جائے گا۔ اگر رونا پیٹنا اور چلانا جائزہ ہوگا تو پھر کسی کی مجال نہیں کہ وہ کسی ماں، بہن، بیٹی کو اٹھا لے اور اس کی عزت سے کھیلے، چونکہ اگر کوئی برا مرد کسی عورت کو پکڑے گا تو وہ عورت رونا، پیٹنا اور چلانا شروع کر دے گی اس طرح وہ اپنی عزت کی حفاظت کرے گی اور ظالم اور برے شخص کو پکڑ کر سزا دی جا سکتی ہے تاکہ کسی مرد کی آئندہ یہ جرأت نہ ہو سکے کہ وہ خواتین کی یوں عزت لوٹتا پھرے اور اغوا کر کے فروخت کر دے۔

لہٰذا معلوم ہوا کہ گریہ وزاری فاسد معاشرے کی تشکیل کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ کیا اب آپ فاسد معاشرے کی تشکیل چاہتے ہیں یا صالح معاشرے کی؟ یہ فیصلہ آپ کے اپنے ضمیر کا ہے جو آپ کے کلام اور عمل سے ظاہر ہوگا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا گریہ وزاری فطرتِ انسانی کے مطابق ہے؟

ایک نظریے کے لوگ زندہ جاوید پر گریہ وزاری کو حرام قرار دیتے ہیں دوسری نظریئے کے لوگ جائز قرار دیتے ہیں۔ گریہ وزاری فطرت انسانی کے مطابق ہے یا نہیں؟ اگر یہ فعل جو ایک دن کے بچے سے لیکر زندگی کے آخری لمحات تک کے لوگ انجام دیتے ہوئے نظر آئیں تو یہ فعل انسانی فطرت کہلائے گا۔ گریہ وزاری فطرت کو وہ فعل ہے جو تمام بنی نوع انسان کے خمیر میں شامل ہے اور دنیا کے کسی بھی فرد کے اختلاف سے اس میں کوئی خلل پیدا نہیں ہو سکتا۔

اس فطری عمل سے اختلاف کرنے والے لوگ بذاتِ خود اور ان کے بچے اس فعل کو انجام دیتے ہوئے نظر آئیں گے۔۔۔۔ تو آیئے ہم جائزہ لیتے ہیں۔

''گریہ وزاری'' انسانی احساسات کا ترجمان ہوتا ہے۔ گریہ وزاری کے مختلف اسباب و علل اور محرکات ہو سکتے ہیں۔

انسان کو زندگی کے کسی نہ کسی موڑ پر رنج و مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن رنج و مصیبت سے متاثر ہونے کی صورت میں قدرتی طور پر گریہ وزاری کرتا ہے۔

گریہ وزاری ایک فطرتی اور غیر ارادی عمل ہے۔

گریہ وزاری کی دو اقسام ہیں۔

اول انفرادی گریہ وزاری

دوئم اجتماعی گریہ وزاری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انفرادی گریہ وزاری

گریہ طفولیت، گریہ جدائی، گریہ ظلم وستم کو دیکھ کر گریہ خبر حزن، گریہ محبت، گریہ ندامت مقصد سے وابستگی کا حامل گریہ۔

گریہ طفولیت بچہ کو اپنی تکلیف کا اظہار کرنا یا کسی چیز کو طلب کرنا مقصود ہوتا ہے تو وہ گریہ وزاری کرتا ہے۔

بچہ مظلوم کا ساتھ دیتا ہے

جب والد اپنے چھوٹے بچے کے سامنے اپنی بیوی پر ہاتھ اٹھاتا ہے اور بیوی روتی ہے تو بچہ پہلے باپ کی طرف غصہ کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور سسکیاں لیتا ہے اور غمزدہ ہو جاتا ہے پھر رونا چلانا شروع کر دیتا ہے پھر باپ کا ہاتھ پکڑتا ہے اپنے دانتوں سے باپ کے ہاتھ کو کاٹتا ہے، جب باپ مارنا بند کر دیتا ہے تو بچہ ماں کے سینے سے لگ کر کہتا ہے امی ابو گندا ہے بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ بچہ باپ کا بازو پکڑتا ہے تو وہ بھی ماں کے ساتھ ظلم کا نشانہ بن جاتا ہے اور بچہ سہم کر سسکیاں لیتا رہتا ہے اور اس کے ذہن میں باپ کے خلاف نفرت کا مادہ جنم لیتا رہتا ہے۔

اب ذرا سوچیں! کہ یہ بچہ کس یونیورسٹی سے پڑھ کر آیا ہے اس کو یہ تعلیم کس نے دی ہے کہ ظلم سے نفرت کریں اور مظلوم سے محبت کریں؟

بچے کی عادتیں وحرکتیں فطرت کے عین مطابق ہوا کرتی ہیں ان کی عادتوں اور حرکتوں پر غور وفکر کیا جائے تو معاشرے میں جو ظلم وستم روا رکھے ہوئے ہیں ان کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ والدین اپنے بچوں کی مثبت قوتوں کو پروان چڑھانے کیلئے بچوں کا ساتھ دیں جیسا کہ آپ نے مشاہدہ کیا کہ بچہ ظالم سے نفرت کرتا ہے اور مظلوم سے محبت،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ظالم خواہ اس کا باپ ہی کیوں نہ ہو اس کا ساتھ نہیں دیتا اگر مظلوم ماں ہے تو اس کا ساتھ دیتا ہے۔ چھوٹا سا تین چار سال کا بچہ ہمیں درس دیتا ہے کہ اگر باپ ماں پر ظلم و ستم کرے تو تم پہلے ظلم سے نفرت کرو اور وہ ظلم بند نہ کرے تو پھر رونا چلانا شروع کر دو اس کے بعد ظالم کے خلاف اپنی طاقت (دانت وغیرہ) کا استعمال کریں اور مظلوم سے اظہار ہمدردی، ظلم سے نفرت جیسے الفاظ بیان کر کے کریں۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کے ذہن میں ایسے مثبت سیل رکھ دیئے ہیں، جو ظالم سے نفرت اور مظلوم سے محبت کرتے ہیں۔ یہ سیل اس وقت حرکت میں آتے ہیں جب کوئی ظالم ظلم کر رہا ہو تو آنکھوں کے ذریعے سے منفی حرکت کی شعاع دماغ میں پہنچ کر دماغ کے مثبت سیل کو حرکت میں لاتی ہے یہ سیل گردوں کے ایڈرنیل (Adernal) غدودوں کو حرکت میں لانے سے برگردی (Adernalin) رطوبت خارج ہوتی ہے تو یہ رطوبت خون میں ملکر جسم میں ظلم کے خلاف اظہار و نفرت پیدا کر کے ظالم سے مقابلے کی قوت پیدا کرتی ہے۔

ظالم سے نفرت اور مظلوم سے محبت رکھنے والی قوتوں کو پروان چڑھنے کیلئے خداوند کریم نے نمازوں میں چونتیس مرتبہ سجدے میں "سبحان ربی الاعلیٰ و بحمدہ" پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ یہ جملہ دماغ کے مثبت سیل جو بیمار، کمزور اور دبے ہوئے ہیں ان کو متحرک کر کے توانائی پیدا کرتا ہے۔

یاد رکھیں! سجدے میں "سبحان ربی الاعلیٰ و بحمدہ" پڑھنے سے ذہن میں یہ خیال آتا ہے کہ اللہ سب سے طاقتور برتر و اعلیٰ ہے (جو تمام صفات کا حامل ہے اور نقص و عیب سے پاک ہے) اس خیال سے اچھے اوصاف مثلاً عدالت، شجاعت، صداقت خود ساختہ خداؤں کی نفی کرنے والے خلیے جاگ اٹھتے ہیں۔ حقیقت ہے کہ جب انسان سجدے میں جاتا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے سر میں خون کی گردش بڑھ جاتی ہے کیونکہ اس وقت سر نیچے ہوتا ہے اور سر کو ضرورت کے مطابق تازہ خون میسر آ جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے دماغ کے مثبت خلیوں کو خون ملنے کی وجہ سے طاقتور ہو جانے سے ان میں شجاعت اور بے باکی پیدا ہو جاتی ہے جس سے وہ اپنے وقت کے ظالم حکمراں کے خلاف قیام کرنے کی جرأت پیدا کر لیتا ہے۔ اگر کوئی نمازی، بزدل اور ظالم سے ڈرتا ہو تو وہ اپنے سجدے پر نظر ثانی کرے کیونکہ سجدہ تو انسان کو دلیر بنا دیتا ہے۔

رونا درحقیقت اظہار نفرت کا ایک ذریعہ ہے اس لئے آنسو کو اشارے کی زبان بھی کہتے ہیں۔ اگر والدین بچے کی ان قوتوں کو پروان چڑھانے میں اس کی مدد کریں تاکہ بچہ بڑا ہو کر ظالم کے ظلم کے خلاف قیام کر کے معاشرے سے ظالموں کا خاتمہ کر دے پھر ظالم کی اتنی جرأت نہ ہو گی کہ وہ ظلم وستم کو روا رکھ سکے۔

جس طرح جناب فاطمہ زہرا علیھا السلام نے اپنی اولاد کی ایسی تربیت کی کہ انہوں نے ظلم کو ایک لمحے کیلئے برداشت نہیں کیا اور ظالم کے ظلم کے خلاف قیام کیا اور جام شہادت نوش فرمایا اور فاطمہ زہرا کے بیٹوں اور بیٹیوں نے ظلم کے خلاف قیام کیا اور بیباک تاریخی خطبہ دیکر ظالم کے ظلم کو عیاں کیا۔

گریہ جدائی

جب بچہ مادرِ رحم میں ہوتا ہے اس وقت ماں کی دل کی دھڑکن کو سنتا رہتا ہے اور اس سے مانوس ہو جاتا ہے پیدائش کے وقت نال کٹتے ہی بچہ کو ماں کی دل کی دھڑکن کی آواز سنائی نہیں دیتی تو وہ بے چین ہو جاتا ہے اور رونے لگتا ہے اور جب ماں بچہ کو دل کی جانب لٹاتی ہے تو وہ چپ ہو جاتا ہے لہٰذا معلوم ہوا بچہ جس سے مانوس ہو جاتا ہے اس کی جدائی میں روتا ہے یہ اس کا فطری عمل ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بچوں کو ماں کی جدائی میں گریہ وزاری کرنا

آپ مشاہدہ کریں کہ جب بچہ تین سال سے سات سال تک کا ہو جاتا ہے۔

اور جب ماں اس عمر کے بچے کو چھوڑ کر بازار جاتی ہے تو بچہ ساتھ جانے کی ضد کرتا ہے۔

ماں کہتی ہے۔ بیٹا تم گھر میں رہو۔۔ میں جلد آ جاؤں گی ماں بچہ کو ساتھ نہیں لے کر جاتی تو بچہ گریہ وزاری کرنا شروع کر دیتا ہے۔

مولوی صاحب پوچھتے ہیں؟ بیٹا! تم کیوں چیخ کر گریہ وزاری کر رہے ہو۔۔ بیٹا تمہاری ماں تو زندہ ہے اور زندہ جاوید پر گریہ وزاری کر رہے ہو۔ بیٹا تمہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ زندہ جاوید پر گریہ وزاری کرنا حرام ہے۔

بیٹا باپ کی بھی ایک نہیں سنتا وہ اور گریہ وزاری کرتا ہی چلا جاتا ہے۔۔ باپ کہتا ہے بیٹا چپ ہو جاؤ یہ فعل حرام ہے کیوں حرام کام کر رہے ہو؟

باپ چلا کر کہتا ہے چپ ہو جاؤ۔۔ بچہ تو روئے چلا جا رہا ہے چپ ہونے کا نام نہیں لیتا کیونکہ ماں سے محبت ہے اس کی جدائی میں گریہ وزاری کرنا اس کا فطری حق ہے۔

یاد رکھیں! دنیا کی کوئی طاقت بچوں کو گریہ وزاری سے روک نہیں سکتی۔۔۔ بچہ مر تو سکتا ہے گریہ وزاری چھوڑ نہیں سکتا کیونکہ بچہ فطرت الٰہی پر مجبور ہے۔

مولانا صاحب پہلے اپنے بچوں کو گریہ وزاری سے باز رکھیں پھر ہمیں کہتے ہوئے اچھے لگیں گے اور پھر آپ کی بات میں بھی وزن ہو گا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بیٹی کی جدائی میں گریہ وزاری

آپ مشاہدہ کریں گے کہ شادی میں بیٹی کو رخصت کرتے وقت والدین لواحقین روتے ہوئے نظر آئیں گے۔

جناب والا! بیٹی گھر آباد کرنے جارہی ہے اور آپ گریہ وزاری کررہے ہیں اول تو بیٹی زندہ ہے اور آپ زندہ جاوید پر رورہے ہیں۔ زندہ جاوید پر رونا حرام ہے آپ صبر کریں روتے کیوں ہیں ۔۔ ماں کہتی ہے بیٹی کی جدائی میں گریہ وزاری بیٹی سے محبت کی دلیل ہے جو گریہ وزاری نہیں کرتا اس کے دل میں احساس انسانیت اور جذبہ ہمدردی مردہ ہو چکی ہے۔

پولیس والوں کے مظالم اور گھر والوں کا گریہ وماتم

آپ ہزاروں ایسے واقعات پڑھتے ، سنتے اور دیکھتے ہوں گے کہ پولیس والے ایک شریف نوجوان کو پکڑے ہوئے بندوق کے دستے سے ماررہے ہیں اور وہ لڑکا زور زور سے رورہا ہے اور چلا رہا ہے گھر والے یہ منظر دیکھ کر گریہ وماتم کرتے ہیں اور ماں کہتی ہے ہائے میرا بیٹا مر گیا اسے چھوڑ دو یہ بے قصور ہے اس کو چھوڑ دو ۔۔۔ ہائے میں مر گئی ۔۔

بہن روتے اور پیٹتے ہوئے کہہ رہی ہے ہائے میرے بھائی کو مت مارو، اے ظالموں مت مارو۔ گھر والے گریہ وماتم سے نڈھال ہو رہے ہیں اور پولیس والے لڑکے کو لیکر چلے جاتے ہیں۔ ایسے موقعے پر کوئی بھی ماں ، بہن گریہ وماتم کرتی ہوئی نظر آئے گی۔

اب ذرا سوچیئے کہ یہ نوجوان زندہ جاوید ہے پولیس والے ظلم وستم کررہے ہیں اس کی ماں بہن گریہ وماتم کررہی ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یادرکھیں! یہ گریہ و ماتم پولیس والوں کے ظلم وستم ظاہر کرنے کیلیئے اور عوام کی ہمدردیاں حاصل کرنے کیلیئے اس وقت بہترین ذریعہ تھا۔اس فطری عادت کوروکنا کسی کے بس مین نہیں تھا دراصل گریہ و ماتم قلبی محبت کا اظہار اور ظالم کے ظلم وستم کے خلاف ماں بیٹی کا احتجاج تھا۔آپ نے دیکھا کہ جس وقت پولیس والے لڑکے پر ظلم وستم کرر ہے تھے اس وقت لڑکا زندہ تھا اور گھر والے زندہ جاوید پر ماتم کرر ہے تھے اگر یہ فعل حرام تھا تو آپ کیوں انجام دیتے ہو؟ ہم دیکھتے ہیں کہ آپ کے قول وفعل میں بے حد تضاد ہے آپ کی زبان آپ کے عمل کا ساتھ نہیں دیتی۔ایسے عالم میں آپ کی بات کون تسلیم کریگا۔آپ لوگ چودہ سوسال سے گریہ ماتم کو بند کرتے چلے آرہے ہیں کربلا میں دو مرد رونے والے تھے اور چند عورتیں اور بچے تھے مگر آج اتنے زیادہ کیوں ہو گئے ہیں؟

آپ سوچیں! جب کہ بنوامیہ اور بنوعباس خاندان کی حکومتوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگا لیا اس کے باوجود یہ گریہ و ماتم حضرت امام حسینؑ کا بند نہ کر سکے تو یہ چھوٹے موٹے گروہ کیا بند کرا سکتے ہیں۔

اگر آپ کا روکنا فطرت کے خلاف ہے تو آپ کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتے اور پھر آپ اپنے قول پر نظر ثانی کریں کہ یہ فطرت کے خلاف تو نہیں؟ اگر ہے تو آپ جرأت سے اس کا اظہار کریں کہ گریہ و ماتم ظالم کے ظلم کو عیاں کرتا ہے اور انسانی معاشرے کیلیئے مفید ہے یہ گریہ وزاری مظلوموں سے محبت اور ظالموں سے نفرت کا ثبوت ہے۔

خبر حزن سن کر گریہ وزاری کرنا

کسی نے خبر دی کہ آپ کا نوجوان بیٹا حادثے کا شکار ہو گیا ہے اور وہ ہسپتال میں پڑا ہے اس کو خون کی ضرورت ہے یہ خبر سن کر گھر والے گریہ وزاری کرتے ہوئے ہسپتال پہنچ جاتے ہیں ایسے واقعات دنیا میں ہزاروں لاکھوں ہوتے رہتے ہیں لوگ اس قسم کی خبر سن کر گریہ وزاری کرتے رہتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گریہ محبت

محبت انسان کے بنیادی احساسات میں سے ہے اور اسے گریہ سے دیرینہ انس ہے مثلاً خدا سے حقیقی محبت حسن آفرین ہے اور اس سے قرب کیلئے اشک محبت بہانا ضروری ہے۔

گریہ ندامت

جب انسان محاسبہ نفس کرتا ہے تو ماضی کے بارے میں سوچتا ہے اور اپنی کوتاہیوں اور غلطیوں کے ازالے کی کوشش کرتا ہے اور یوں اس کی آنکھوں سے حسرت وندامت کے آنسو جاری ہوجاتے ہیں۔ یہ گریہ خدا کی جانب بازگشت اور توجہ کا نتیجہ ہے۔

مقصد سے وابستگی کا حامل گریہ

کبھی کبھی آنسو کے قطرے انسان کے ہدف ارمقصد کو بیان کرتے ہیں شہید پرگیہ اس قسم میں سے ایک ہے شہید پر گریہ انسان میں جوش ولولہ پیدا کرتا ہے۔ سیدالشہداء مظلوم کربلا پر گریہ وزاری انسان میں حسینیت کو جنم دیتی ہے اور حسینیت یہ ہے کہ عادل معاشرے کے قیام میں انسان نہ ظلم کرے اور نہ ظالم کو قبول کرے ایسا شخص جو کربلا کا جانکاہ واقعہ سننے کے بعد دل کی گہرائیوں سے آنسو بہاہے وہ شہداء کے اس ارفع مقصعد سے وابستگی کو ظاہر کرتا ہے۔

اجتماعی گریہ وزاری

جب افق عالم پر ظلم واسبداد کی گھٹائیں چھاجائیں۔ جب باطل حق کو مٹانے پر بالکل آمادہ ہوجائے جب خاموشی ظلم کی حرارتوں کو بڑھانے کے سوااور کوئی فائدہ نہ دے تو ایسے عالم میں ظالم کے ظلم کے خلاف اجتماعی طور پر بلند آواز سے گریہ وزاری کرنا ہی ایک سیاسی عمل ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب زینبؑ کا خطبہ سن کر اجتماعی گریہ وزاری

جب شہادت حسینؑ کی خبر مدینہ پہنچی تو ہر طرف لوگوں نے گریہ وزاری کا شور بلند ہوا اور بنی ہاشم کی خواتین جمع ہوگئیں اور اس طرح گریہ وزاری کی جس کی نظیر نہیں ملی تھی۔

اس گریہ وزاری نے بنی امیہ سے نفرت، حسین ابن علیؑ کے ساتھ محبت اور ان کے انقلاب کے ساتھ ایک لگاؤ پیدا کر دیا اور بالآخر آپ تمام ظالمین کے خلاف انقلاب کی مشعل راہ بن گئے۔ جناب زینبؑ نے حسینؑ کی شہادت کے بعد زینبؑ ایک روز کے لئے بھی صف عزا سے نہیں اٹھیں، چند لمحوں کیلئے بھی ان کے آنسو نہ تھمے، نالہ و فغاں میں فاطمہؑ کی مثل بن گئیں۔

اس دور میں ظالم افراد کے ظلم کو مجالس میں یا خطبوں میں عیاں کیا جائے تو دردمند انسان ضرور گریہ وزاری کریگا اور اس کے دل میں ظالم سے نفرت اور مظلوم سے محبت پیدا ہوگی اور اس کا ساتھ دے گا۔ لہٰذا حکومتیں اپنے ظلم وستم چھپانے کیلئے ملاؤں اور لیڈروں کو خرید لیتے ہیں اور گریہ وزاری اور مجلس کو بند کرنے کیلئے ملاؤں سے فتویٰ جاری کرائے جاتے ہیں تاکہ حکومت وقت کے مظالم عوام الناس پر ظاہر نہ ہوں کیونکہ عوام ان کے خلاف ہو جائے گی۔ جو ان کے اقتدار کیلئے خطرہ ثابت ہوگا۔ لہٰذا انسان دشمن حکمرانوں نے درباری ملاؤں ذاکرین کے ذریعہ سے عوام الناس کا رخ ظالم حکومت کے بجائے مذہبی انتشار کی طرف موڑ دیا آپ مشاہدہ کریں گے کہ سنی و شیعہ حضرات مقصد اسلام و حسینؑ کو بھول کر اپنے ممبر و مسجدوں میں اختلافی مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے نظر آئیں گے امام خمینی نے فرمایا کہ:

''شیعہ سنی میں اختلافات پیدا کرنے والے نہ شیعہ ہیں نہ سنی وہ دراصل یہودیوں کے ایجنٹ ہیں۔ تاکہ شیعہ و سنی آپس میں دستِ گریباں ہوتے رہیں اور ہم حکومت کرتے رہیں۔ یہی سامراجی ایجنٹ چاہتے ہیں''۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گریہ وزاری کو حرام قرار دینے کے نقصانات

یہ حقیقت ہے کہ ایک ظالم شوہر اپنی بیوی پر شب وروز ظلم وستم کرتا رہتا تھا اس کی بیوی ایک مولانا کی شاگرد تھی اس کو یہ تعلیم دی گئی مصیبت کے وقت رونا پیٹنا اور چلانا حرام ہے۔ بلکہ صبر سے کام لیں کیونکہ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

شاگرد نے اپنے استاد کی ہدایت پر عمل کیا تو وہ اپنے شوہر کے ظلم وستم پر صبر کرتی رہتی تھی اور وہ اس قدر ظلم وستم کرتا رہتا تھا کہ اس کے ظلم کی حد یہاں تک پہنچ گئی کہ اس نے لڑکی کے جسم پر سگریٹ جلا کر لگانا شروع کردی۔ شوہر کے مظالم ایک سال تک سہے آخرکار جب برداشت سے باہر ہوگئی اور اب وہ ظلم ہونے پر چیخنے چلانے لگی اس کی دردبھری چیخنے کی آواز پر تمام گھر کے افراد جاگ اٹھے ار پوچھا کیا ہوا اس کی بیوی نے روتے ہوئے اپنے شوہر کے مظالم بیان کئے جیسے ہی اس کی مظلومانہ داستان سنی تو تمام گھر والے لڑکے کو لعن کرے لگے والدین نے اسے بہت ہی برا بھلا کہا ۔ بیٹے نے کہا ابا جان، امی جان میں تمہارا بیٹا ہوں اور یہ لڑکی غیر اور نیچ قوم کی ہے آپ اس کی حمایت کرتے ہیں۔

باپ کہتا ہے! تو۔۔ تو میرا بیٹا ہی نہیں ہے تو ظالم ہے کبھی کوئی اپنی بیوی پر اتنا ظلم وستم نہیں کرتا، تو نے تو ظلم کی حد کردی آخرکار وہ بھی تو انسان ہے اس کی ذات کچھ بھی ہو وہ تو مظلوم ہے اور مظلوموں سے ہمدردی کرنا عین عبادت ہے ساس نے بچی اپنے سینے سے لگایا اور پیار کیا اپنے بیٹے سے نفرت کا اظہار کیا۔

سسر کہتا ہے بہورانی! تم اتنے عرصے تک ظلم وستم کو سہتی رہی۔ بہو کیا تمہیں معلوم نہیں ظلم پر خاموش رہنا ہی ظالم سے رضامندی ہے۔

بہو۔ کہتی ہے ابا جان مجھے میرے استاد مولانا عبدالستار صاحب نے کہا تھا کہ گریہ و زاری اور واویلا کرنا حرام ہے اور ظلم پر صبر کرنے ہی سے اللہ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سسر!! لاؤ بہورانی قرآن الحکیم ۔۔۔ قرآن لایا گیا اور کہا قرآن المجید کا پارہ ٦ کی آیت نمبر ا کھول کر پڑھ ۔۔

''ترجمہ: اللہ تعالیٰ بلند آواز سے کسی کو برا کہنا پسند نہیں کرتا مگر مظلوم ظالم کی برائی کر سکتا ہے۔''

بہو! یاد رکھو ظالم خواہ باپ ہو یا بیٹا، بیوی ہو یا شوہر، حاکم ہو یا رعایا، وڈیرہ ہو یا چوہدری انکے خلاف آواز بلند کرنا جائز ہے آپ نے دیکھا تمام اہل خانہ آپ کی حمایت میں اور تمہارے شوہر کے خلاف اظہار نفرت کر رہے ہیں کیونکہ تم ہمارے نزدیک مظلوم ہو اور میرا بیٹا ظالم ثابت ہوا ۔۔ بہو!! آئندہ یاد رکھیں کہ ظلم پر گریہ وزاری کرنا انسانی فطرت کے عین مطابق ہے ۔ جب تم فطرت کے خلاف عمل کرو گی تو پھر مصیبتوں کو برداشت بھی کرنا پڑے گا۔ بہو کہتی ہے کہ ابا جان!!! مجھے نہیں معلوم کہ ظلم کو سہنے انسان کا ذاتی کتنا نقصان اور کتنی تکلیفیں برداشت کرنی پڑتی ہے۔

الحمد اللہ! میرے رونے پیٹنے اور چلانے سے مجھے ظلم سے نجات مل گئی اور تمہاری ہمدردیاں میرے ساتھ بڑھ گئیں ۔ واقعی گریہ وزاری سے ظالم کے ظلم کے عیاں ہو جاتے ہیں اور ظالم کی شناخت ہو جاتی ہے اور لوگ ظالم کو نفرت وحقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور معاشرے میں اسکے کوئی عزت واحترام نہیں کراتا لہٰذا گریہ وزاری اور ماتم مظلوموں کیلئے بہتر ۔۔ اور ظالموں کیلئے نقصان دہ ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسول خداؐ کا گریہ

گریہ کے بارے میں تاریخِ اسلام اور حدیث کی کتب میں حسب ذیل دلائل پائے جاتے ہیں۔

سنت کی تین قسمیں ہیں: قولی۔ فعلی۔ تقریری

سنت قولی۔ جس کام کو آنحضرت ﷺ زبان سے ارشاد فرمائیں وہ سنت قولی کہلائے گی۔

سنت فعلی۔ جس کام کو آنحضرت ﷺ نے فعلاً کیا ہو وہ سنت فعلی ہوگی۔

سنت تقریری۔ جو کام آپ کے سامنے ہوتا رہا ہو۔ اور آپ ﷺ نے اس کو منع نہ فرمایا ہو وہ بھی سنت ہے اور اس کو سنت تقریری کہا جائیگا۔

آیئے ہم سنت قولی، فعلی، تقریری کی روشنی میں گریہ کو دیکھتے ہیں،

جناب حمزہؓ کی شہادت پر حضور اکرمؐ نے اظہار حسرت فرمایا، افسوس کہ "میرے چچا حمزہؓ پر رونے والیاں نہیں ہیں" انصار نے جب یہ سنا تو فوراً اپنی عورتوں کو حضرت حمزہؓ کے گھر بھیج دیا کہ پہلے حمزہؓ کا ماتم کرو پھر اپنے عزیز واقارب پر فریاد وزاری کرو"۔

انصار کی بیبیاں مغرب وعشاء کے درمیان حضرت حمزہؓ کے گھر آئیں اور آدھی رات تک روتی رہی، آنحضرتؐ محو خواب تھے، جب آپ کو بتایا گیا کہ انصار کی بیبیاں آپ کے چچا کا ماتم کر رہی ہیں بس آپ ﷺ نے ان عورتون کے حق میں دعا فرمائی الٰہی! ان عورتوں سے ان کی اولاد سے اور اس کی اولاد سے راضی ہو

اہل سنت کی معتبر کتاب۔ مدارج النبوۃ صفحہ نمبر ۱۹۲

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنگ احد کے شہداء کے گھروں سے رونے کی آواز آرہی تھیں اس وقت آنحضرتؐ نے فرمایا جناب حمزہؓ پر کوئی رونے والا نہیں۔

اصحاب کی خواتین اپنے گھروں میں گریہ وزاری کا فعل انجام دے رہی تھیں اور آپ شہداء پر رونے والوں کو منع نہیں کررہے تھے بلکہ آپ کی دلی تمنا بھی یہی تھی کہ کاش حمزہؓ پر بھی کوئی رونے والی ہوتی جب اصحابہ انصارؓ نے سنا تو اپنی بیبیوں کو حمزہؓ کے گھر پر بھیج دیا تاکہ وہ ماتم کریں۔

جس وقت وہ گریہ وزاری کررہی تھیں آپ نے ان کے اوران کی اولاد کیلئے دعا کی اس سے معلوم ہوا کہ آپ اس فعل سے راضی تھے اس لئے تو ان کے حق میں دعا کی۔ حمزہؓ کی شہادت کے اس واقعہ سے اصحابہؓ اوران کی خواتین کے گریہ وماتم کرنے سے سنت تقریری ثابت ہوتی ہے، یہ دعا ہر مسلمان عورت کیلئے ہے جو اسلام کے شہداء پر گریہ وزاری اور ماتم کرتی ہیں اور جو عورتیں شہداء پر گریہ وزاری اور ماتم نہیں کرتی وہ اس دعا سے محروم رہتی ہیں۔

جنگ احد کے مصیبت زدہ افراد کا گریہ وزاری سے استقبال

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے استقبال کرنے والوں میں مدینہ کے تمام مصیبت زدہ افراد موجود تھے، استقبال کرنے والوں میں فاطمہ بنت حضرت حمزہؓ بھی تھیں یہ بچی سرراہ آکر کھڑی ہو گئی تھیں انہوں نے دیکھا کہ رسولؐ کی سواری کے ہمراہ گروہ در گروہ لوگ چلے آرہے ہیں اپنے والد (حضرت حمزہؓ) کو ادھر اُدھر بہت دیکھا لیکن وہ نظر نہیں آئے تو حضرت ابو بکر صدیقؓ سے دریافت کیا میرے والد کہاں ہیں وہ مجھے اس لشکر میں نظر نہیں آئے، فاطمہؓ کا یہ سوال سن کر حضرت ابو بکر صدیقؓ آبدیدہ ہوگئے اور کہا رسول خداؐ ابھی تشریف لاتے ہیں جب سرور عالمؐ کی سواری ان کے قریب آئی اور آپ نے اپنے والد کو ان کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہمراہ بھی نہ پایا تو رسول خداؐ کے گھوڑے کی باگ پکڑ لی اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے والد کہاں ہیں؟ سرور عالمؐ نے فرمایا کہ اب میں تمہارا باپ ہوں یہ سن کر انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول آپ کے اس جواب سے بوئے خون آ رہی ہے (مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میرے باپ شہید ہو گئے) یہ سن کر ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، دوسرے لوگ بھی ان کے ساتھ رونے لگے، پھر فاطمہؓ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میرے والد کی شہادت کی کیفیت بیان فرمائیے

آپ ﷺ نے فرمایا

"بیٹی اگر میں بیان کروں تو تم برداشت نہیں کر سکو گی یہ سن کر وہ بیچاری اور زیادہ رونے لگیں" مدارج النبوۃ صفحہ نمبر ۱۹۲

اپ نے مشاہدہ کیا آنحضرت ﷺ کے سامنے اصحابؓ گریہ وزاری کر رہے ہیں اور آپ نے منع نہیں فرمایا۔ اگر یہ فعل حرام ہوتا تو آپ فوراً روک دیتے۔ یہ اصحاب دختر حمزہؓ رسول خدا ﷺ کے سامنے گریہ وزاری کرنا سنت تقریری ثابت ہوتا ہے۔

آنحضرت ﷺ کا سنت قولی، فعلی کی روشنی میں بقاء

جناب جعفرؑ کی شہادت کے موقع پر حضورؐ نے مسجد میں اصحاب کو خبر شہادت سنائی اور اس قدر روئے کی ہچکیاں بندھ گئیں اور اس کے بعد فرمایا: "**علی مثل جعفر فلیك البواكی**" ترجمہ جعفر جیسے انسان پر گریہ ہونا چاہیئے۔

سنت فعلی کی روشنی میں آنحضرتؐ کا بقاء

انسؓ راوی ہیں کہ اپنے فرزند ابراہیم کے وقت انتقال آخر رسول اکرم ﷺ نے رونا شروع کیا تو عبدالرحمن بن عوف نے کہا۔۔۔ حضور ﷺ آپ رو رہے ہیں؟ فرمایا:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ علامت رحمت ہے، آنکھیں بہر حال اشکبار ہوں گی، دل بہر صورت محزون ہوگا یہ اور بات ہے کہ ہم مرضی خدا کے خوف کوئی کلمہ زبان پر جاری نہیں کرتے ہیں۔

(صحیح بخاری جلد اول ص ۱۱۷) (مشکوۃ المصابیح باب البقاء علی المیت)

سنت تقریری کی روشنی میں گریہ وزاری

صحیح بخاری میں عبدالرحمٰن بن عوف ابوہریرہؓ سے روایت کرتا ہے،

یعنی ایک مرد جناب رسول خداؐ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ یا حضرت میں ہلاک ہوگیا اور زہری سے روایت ہے کہ ایک مرد اس حالت میں آیا کہ بال نوچتا تھا اور طمانچے اپنے منہ پر مارتا تھا اور حجاج بن ارجاہ سے مروی ہے کہ افسوس اور واویلہ کہتا تھا اور مرسل بن سیب کہتا تھا اور استدلال کیا جاتا ہے اس حدیث سے اس فعل کے جواز کی بابت، پس جس شخص کو مصیبت دین و دنیا کی واقع ہو تو دین کی مصیبت جائز ہے یعنی سبب اس شدہ ندامت کہ ہم اس مصیبت کے دفاع کرنے میں کیوں نہ شامل ہوئے اور سبب شدت افسوس کے مرتکب ہونا افعال مرقومہ کا باعث صحت و تسکین ہے کیونکہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صحابیؓ کے افعال ملاحظہ فرمائے اور منع نہیں فرمایا پس جو فعل حضور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے واقع ہو اور آپ منع نہ فرمائیں وہ سنت ہوتا ہے لہٰذا ثابت ہوا کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اہل بیت کیلئے رونا، پیٹنا دنیاوی نہیں ہے دینی مصیبت ہے، بلکہ سنت ہوا جس کا انکار سنت کا انکار ہے۔

وفات حضرت ابوطالب پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سخت گریہ

حضرت علی فرماتے ہیں کہ جب میرے والد ابوطالب کی وفات ہوئی تو میں نے پیغمبر اکرمؐ کو اطلاع دی اور جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا تو سخت گریہ فرمایا اور مجھے حکم دیا کہ انہیں غسل دیں، کفن دیں دفن کریں اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور ان پر رحمت نازل کرے۔

(اہل سنت کی معتبر کتاب تذکرۃ الخواص الامہ صفحہ ۶)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرا رونا امت پر رحم وشفقت ہے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ فاطمہ زہراؑ سے فرمایا" اپنے بچوں کو لاؤ۔ وہ امام حسنؑ اور حسینؑ کو حضور اکرمؐ کے سامنے لائیں۔ جب ان صاحبزادگان نے ان کا بوسہ دیا اور ان کی تعظیم وتوقیر اور ان سے محبت کے بارے میں صحابہ کرام اور امت کو وصیت فرمائی ایک روایت میں آیا ہے کہ وہ دونوں حضور اکرمؐ کی آغوش مبارک میں رو رہے تھے جب ان کے رونے کی آواز حضور اکرمؐ کے گوش مبارک میں پہنچی تو حضور اکرم بھی رونے لگے۔ سیدہ ام سلمہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ آپ تو گذشتہ وآئندہ ہر حالت میں مغفور ہیں گریہ فرمانے کی وجہ کیا ہے۔ حضور اکرمؐ نے فرمایا" میرا رونا امت پر رحم و شفقت کیلئے ہے کہ میرے بعد ان کا حال کیا ہے اور کیا ہوگا۔

اردو ترجمہ دراج النبوت جلد دوم ص 509

تصنیف حضرت علامہ شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی

ترجمہ وترتیب الحاج مفتی غلام معین الدین نعیمی

حضرت علیؑ کیلئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سخت گریہ

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا ایک بہت خوبصورت باغ دیکھ کر میں نے اس کی تعریف کی۔ نبی کریمؐ نے فرمایا اس سے بہتر باغ آپ کیلئے بہشت میں ہے۔

پھر حضرت علیؑ فرماتے ہیں جب راستہ خالی ہو گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے گلے لگالیا اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس گریہ کا باعث کیا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضورؐ نے فرمایا کہ آپ کے متعلق اصحاب کے دلوں میں کینے ہیں جو میری وفات کے بعد ظاہر ہوں گے۔ (کنز العمال جلد نمبر ۶ صفحہ ۴۰۸)

اگر زندہ جاوید پر رونا حرام تھا تو حضرتؐ زندہ ہیں اور نبی کریم ﷺ حضرت علیؑ پر آنے والے مصائب کو یاد کر کے رو رہے ہیں۔

اسی طرح ہم حضرت امام حسینؑ کے مصائب کو یاد کر کے روتے ہیں زندہ جاوید پر رونا سنت نبیؐ ہے۔

نبی کریم ﷺ کا اپنے دادا عبد المطلب پر رونا

ام ایمنؓ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ اپنے دادا عبد المطلب کے جنازہ کے پیچھے رو رہے تھے۔ (اہل سنت کی معتبر کتب تاریخ خمیس جلد نمبر ۱ صفحہ ۲۴۵، تذکرۃ الخواص الامہ ۴)

موذن رسولؐ بلالؓ کا ماتم

حضرت رسول اللہ کے مرض وفات کا احوال تحریر کرتے ہوئے شیخ عبد الحق حنفی دہلوی کتاب مدارج النبوۃ مطبوعہ نولکشور کانپور جلد ۲ صفحہ ۵۲۲ سطر ۱۲ میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

پس بیرون آمد بلالؓ دست بر سر زناں و فریاد کناں

یعنی پس حضرت بلال سر پیٹتے اور فریاد کرتے ہوئے باہر تشریف لائے (یعنی اصحاب پیغمبر مسجد میں نماز کیلئے حضور ﷺ کا انتظار فرما رہے تھے اور حضرت بلال حضور ﷺ کے پاس نماز ہی کیلئے گئے تھے لیکن یہ معلوم ہوا کہ حضور ﷺ تشریف نہیں لائیں گے تو محبت رسول ﷺ کی تکلیف کے احساس و غم میں حضرت بلالؓ صحابی سر پیٹتے ہوئے حجرہ حضرت عائشہؓ سے باہر آئے)۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب یہ واقعہ اس وقت ہوا جب رسول خدا بھی زندہ تھے لہٰذا مسجد میں ماتم کرتے ہوئے آئے تو کسی صحابی نے یہ نہیں کہا کہ اے بلالؓ ماتم کرنا حرام ہے تم یہ فعل کیوں انجام دے رہے ہو؟؟؟

رسول اللہ ﷺ کا حضرت حسینؑ پر گریہ وزاری

جناب ام الفضل فرماتی ہیں کہ ایک روز مین نے شہزادہ حسینؑ کو نبی پاک ﷺ کی گود میں بٹھایا تو آپ ﷺ آنسو بہانے لگے میں نے عرض کیا حضور ﷺ کیا ہوا؟ فرمایا: مجھے جبریلؑ نے خبر دی ہے کہ میرے اس بچے کو میری امت قتل کرے گی۔

(اہل سنت کی معتبر کتاب مشکوٰۃ جلد ثانی صفحہ ۲۵۸ مولف الشیخ محمد بن عبداللہ)

قارئین۔ صبر والی آیات حضور ﷺ پر نازل ہوئیں اور صبر کا معنی حضور ﷺ سے بہتر کوئی نہیں جانتا اس کے باوجود آنحضرت ﷺ حسینؑ ابن علیؑ پر زندگی میں اس کی مصیبت کو مدنظر رکھتے ہوئے رو رہے ہیں معلوم ہوا کہ حسینؑ پر رونا رسول اللہ ﷺ ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت امام حسینؑ کی پیدائش کے موقعہ پر آنحضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گریہ

روضۃ الشہداء سے منقول ہے کہ جب امام حسینؑ پیدا ہوئے تو حق سبحان تعالیٰ نے جبرائیلؑ کو اپنے حبیب کی خدمت میں ادائے تہنیت کیلئے بھیجا۔ جبرائیلؑ نے تہنیت فرزند ادا کی اور اس کے بعد ہی تعزیت بھی شروع کر دی حضرت رسول اللہؐ نے فرمایا کہ سبب تہنیت تو معلوم ہے لیکن تعزیت کی کیا وجہ ہے جبرائیلؑ نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس حلق پر آپ بوسہ دے رہے ہیں آپ کے بعد تیغ جفا سے مجروح کیا جائے گا۔ پھر کسی قدر حال کربلا عرض کیا حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ خبر جانکاہ سن کر بہت ہی گریاں ہوئے حضرت علیؑ نے رونے کا سبب دریافت کیا اور جب واقعہ شہادت سنا تو وہ بھی رونے لگے اور اسی حالت میں حضرت سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے پاس تشریف لے گئے جناب سیدہؑ نے یہ خبر سنی تو روتی ہوئی آنحضرتؐ کے حضور تشریف لے گئیں اور فریاد کی اے پدر بزرگوار علیؑ نے آپ کی زبانی مجھے یہ خبر سنائی ہے کہ جفا کاران امت گلوئے نورانی حسینؑ پر تیغ جفا پھیریں گے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں اے فاطمہؑ جبرائیلؑ نے اسی طرح مجھ کو آگاہ کیا ہے سیدہؑ رونے لگیں اور کہا کہ میرے حسینؑ نے کونسی خطا کی ہے ان پر ایسا ظلم کیا جائے گا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے فاطمہ یہ حادثہ حسینؑ کے لڑکپن میں نہیں ہوگا بلکہ یہ اس وقت ہوگا جب نہ میں ہوں گا اور نہ تم ہوگی نہ علیؑ ہوں گے اور نہ حسنؑ ہوں گے یہ سن کر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب سیدہؑ شدید بے تاب ہوئیں اور فرمانے لگیں کہ اے مظلوم مادر وائے بے کس مادر جبکہ اس وقت تیرے جد و پدر مادر و برادر نہ ہوں گے تو کون ہوگا جو تیری مصیبت کی تعزیت بجالائے گا کون تجھے پر روئے گا؟؟ راوی کہتا ہے کہ ہاتف نے آواز دی کہ امام حسینؑ کا ماتم مصیبت زدگان امت قیامت تک برپا رکھیں گے اور ہر سال جب وہ وقت آئے گا جس میں حسینؑ شہید ہوں گے تو وہ لوگ تعزیت حسینؑ کو تازہ کریں گے اور شرط مصیبت بتلائیں گے''۔

یہ حقیقت ہے کہ امام حسینؑ کی پہلی مجلس جبرائیلؑ نے پڑھی اور رسول خدا ﷺ رونے والے، پھر رسول اللہ ﷺ نے پڑھی اور حضرت علیؑ رونے والے تھے مصائب حسینؑ پڑھنا سنت رسول اللہ ﷺ ہے۔

رسالہ البلاالمبین صفحہ ۱۵ معجم کبیر میں امام طبرانی لکھتے ہیں کہ:

ابی امام الباہلی سے مروی ہے کہ ایک روز حضرت رسول مقبول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرے اس شہزادہ یعنی حضرت امام حسینؑ کو نہ رلایا کرو۔

آنحضرت ﷺ کے پاس جبرائیلؑ نازل ہوئے حضرت گھر کی کوٹھری میں تشریف لے گئے اور ام سلمہ سے فرمایا کہ میرے پاس کسی کو نہ آنے دینا، امام حسینؑ تشریف لائے اور حضرت کی کوٹھری میں گھسنے لگے جناب ام سلمہؑ نے انہیں تھام کر اپنے گلے لگالیا اور ان کو اندر جانے سے روک رکھا اور ان کو رونے سے چپ کرانے لگیں جب وہ سخت رونے لگے تو جناب ام سلمہ نے ان کو چھوڑ دیا اور وہ حضرت کے پاس جاکر گود میں بیٹھ گئے جبرائیلؑ نے عرض کی کہ آپ کی امت اس کو عنقریب قتل کرے گی اور ہاتھ بڑھا کر آنحضرت ﷺ کو تھوڑی سی مٹی دی اور کہا کہ وہ اسی مکان پر شہید کیے جائیں گے پس آنحضرت امام حسینؑ کو گود میں لئے ہوئے نہایت غمگین برآمد ہوئے جناب ام سلمہ نے خیال کیا کہ شاید

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت امام حسینؑ اندر جانے سے ناراض ہوئے ہیں وہ عرض کرنے لگیں یا نبی اللہ ﷺ میں آپ کے قربان ہو جاؤں حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ اس لڑکے کو مت رولایا کرو اور یہ بھی حکم دیا تھا کہ کسی کو میرے پاس گھر میں نہ آنے دینا جب جناب امام حسینؑ تشریف لائے تو میں نے ان کو روک رکھا حضرت رسول خدا ﷺ نے ان کو تو کچھ جواب نہ دیا اور صحابہ کے پاس تشریف لائے سب صحابہ بیٹھے ہوئے تھے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تحقیق میری امت اس کو شہید کرے گی صحابہ میں ابوبکرؓ اور عمرؓ بھی موجود تھے حضرت نے ان کو دکھلا کر فرمایا کہ جہاں پر یہ شہید کئے جائیں گے وہاں کی یہ مٹی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خلفاء راشدینؓ کا گریہ وماتم

حضرت ابوبکر صدیقؓ کا گریہ

" اشکبار از رکسار او رواں شد بروئے شریف آنحضرت افتاد بیدار ساخت فرمودیا ابو بکر لا تخزن "

ترجمہ:

غار میں ابوبکرؓ کے آنسو بہنے لگے اور حضورؐ کے رخ انور پر گرے حضورؐ بیدار ہوئے اور فرمایا اے ابوبکر لاتخزن

اہل سنت کی معتبر کتاب مدارج النبوۃ صفحہ ۸۱، مؤلف عبدالحق محدث دہلوی

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی کریمؐ کی وفات کے بعد ابوبکرؓ آئے اور حضورؐ کے رخ انور سے کپڑا اٹھایا اور (ندبہ کیا) وَاصَفِیَّاہ وانبیاء پھر سر اٹھایا اور رونے لگے۔

مدارج النبوت جلد دوم 510

اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ الخمس جلد دوم صفحہ ۱۷۳، مؤلف الشیخ حسین دیار بکری

صحابہ میں سب سے زیادہ ثابت و اشجع حضرت ابوبکر صدیقؓ تھے۔ حالانکہ وہ بھی آنسو بہا رہے تھے آہ نالہ کر رہے تھے اسی کیفیت سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی شجاعت پر استدلال کیا گیا ہے۔

مدراج النبوت اردو جلد دوم 509
تصنیف حضرت علامہ شیخ محمد عبدالحق محدث دہلویؒ
ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محبت رسول ﷺ میں گریہ

اور جب نبی کریم ﷺ نے وفات پائی تو لوگ متحیر ہو گئے اور ان کے حالات مختلف تھے۔ حضرت عمرؓ اس گروہ میں تھے جو نبی کریم ﷺ کی مصیبت سے دیوانہ ہو گئے تھے اور عثمانؓ گونگے ہو گئے اور ابو بکرؓ کی دونوں آنکھیں برس رہی تھیں۔

اہل سنت کی معتبر کتاب نزہتہ الناظرین صفحہ ۲۹۳، مولف شیخ عبدالملک خطیب جامع اموی

وفات رسول اللہ ﷺ پر ابو بکرؓ کا گریہ

ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف سے مروی ہے کہ عائشہؓ زوجہ نبی کریم ﷺ نے انہیں خبر دی ابو بکرؓ اپنے مکان سے گھوڑے پر آئے وہ اترے مسجد میں داخل ہوئے انہوں نے کسی سے بات نہ کی۔ یہاں تک کہ عائشہؓ کے پاس گئے پھر رسول اللہ ﷺ کی زیارت کا قصہ کیا جو ایک یمنی چادر سے ڈھکے ہوئے تھے۔ انہوں نے آپ کے چہرہ کھولا۔ جھک کر بوسہ دیا اور روئے، پھر کہا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔

(طبقات ابن سعد جلد دوم صفحہ ۳۶۹)

اردو ترجمہ علامہ عبداللہ العمادی مرحوم نفیس اکیڈمی، کراچی

وفات رسول اللہ ﷺ پر حضرت ابو بکرؓ کا مرثیہ

محمد بن عمر الواقدی نے اپنے رجال (راوۃ) سے روایت کی ابو بکرؓ نے رسول اللہ ﷺ کا (حسب ذیل) مرثیہ کہا ہے۔

اے آنکھ گریہ کر اور اس سے ملول نہ ہو ایسے

سردار کے شایان شان ہے کہ اس پر روئیں

طبقات ابن سعد حصہ دوم صفحہ ۴۱۹

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محبت رسول ﷺ میں گریہ

اور جب نبی کریم ﷺ نے وفات پائی تو لوگ متحیر ہو گئے اور ان کے حالات مختلف تھے۔ حضرت عمرؓ اس گروہ میں تھے جو نبی کریم ﷺ کی مصیبت سے دیوانہ ہو گئے تھے اور عثمانؓ گونگے ہو گئے اور ابوبکرؓ کی دونوں آنکھیں برس رہی تھیں۔

اہل سنت کی معتبر کتاب نزہتہ الناظرین صفحہ ۲۹۳، مولف شیخ عبدالملک خطیب جامع اموی

وفات رسول اللہ ﷺ پر ابوبکرؓ کا گریہ

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف سے مروی ہے کہ عائشہؓ زوجہ نبی کریم ﷺ نے انہیں خبر دی ابوبکرؓ اپنے مکان سے گھوڑے پر آئے وہ اترے مسجد میں داخل ہوئے انہوں نے کسی سے بات نہ کی۔ یہاں تک کہ عائشہؓ کے پاس گئے پھر رسول اللہ ﷺ کی زیارت کا قصہ کیا جو ایک یمنی چادر سے ڈھکے ہوئے تھے۔ انہوں نے آپ کے چہرہ کھولا۔ جھک کر بوسہ دیا اور روئے، پھر کہا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔

(طبقات ابن سعد جلد دوم صفحہ ۳۶۹)

اردو ترجمہ علامہ عبداللہ العمادی مرحوم نفیس اکیڈمی، کراچی

وفات رسول اللہ ﷺ پر حضرت ابوبکرؓ کا مرثیہ

محمد بن عمر الواقدی نے اپنے رجال (زاوۃ) سے روایت کی ابوبکرؓ نے رسول اللہ ﷺ کا (حسبِ ذیل) مرثیہ کہا ہے۔

اے آنکھ گریہ کر اور اس سے ملول نہ ہو ایسے
سردار کے شایان شان ہے کہ اس پر روئیں

طبقات ابن سعد حصہ دوم صفحہ ۴۱۹

اردو ترجمہ علامہ عبداللہ العمادی مرحوم نفیس اکیڈمی کراچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت عمرؓ کا گریہ

حضرت عمرؓ کو نعمان بن مقرن کی موت سے آگاہی ہوئی تو انہوں نے سر پر ہاتھ رکھا اور چیخے ہائے افسوس کیلیئے۔

(کنزالعمال جلد ۸ صفحہ ۱۱۷ کتاب الموت)

حضرت عمرؓ کا اپنے بیٹے پر گریہ

جب حضرت عمرؓ نے اپنے بیٹے ابوشحمہ پر حد جاری کی اور آخری کوڑا اس کو لگا تو وہ گر پڑا۔ حضرت عمرؓ نے اس کا سر اپنی گود میں رکھا اور رونے لگے اور عمرؓ کی یہ حالت دیکھ کر سب رونے لگے۔ (اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ الخمیس جلد ثانی ۲۵۳)

مولف شیخ حسین دیار بکری

حضرت عمرؓ کا بھائی پر گریہ

حضرت عمرؓ کا بھائی زید یمامہ میں مارا گیا اور اس کے ساتھ ایک مرد بنی عدی کا تھا وہ واپس مدینہ آیا جب حضرت عمرؓ نے اسے دیکھا تو حضرت عمرؓ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے اور اس مرد سے کہا۔۔۔۔تو میرے بھائی کو قبر میں اکیلا چھوڑ کر میرے پاس آیا ہے۔

اہل سنت کی معتبر کتاب عقد الفرید جلد نمبر ۲ صفحہ ۵

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کا گریہ

جب سعد بن معاذ فوت ہوئے نبی پاک ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ آئے اور حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ روئے۔ بی بی عائشہؓ کہتی ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکرؓ کے گریہ کو حضرت عمرؓ کے گریہ سے پہچان لیا۔ یعنی تمیز دی جبکہ میں اپنے حجرے میں تھی۔

اہل سنت کی معتبر کتاب کشف الغمہ ۱۷۲ مولف عبدالوہاب شافعی

حضرت عثمانؓ کا وفات نبیؐ میں غم زدہ ہونا

حضرت عثمانؓ کا وفات نبی کریم ﷺ کے بعد ابوبکرؓ کی بیعت ہوئی اور حجرت عمرؓ میرے قریب سے گزرے اور میرے غم زدہ ہونے کے مجھے پتہ ہی نہ چلا۔

اہل سنت کی معتبر کتاب طبقات ابن سعد جلد ۲ صفحہ ۲۱۳

حضرت علی علیہ السلام کا گریہ

جب سیدہ زہراؑ نے وفات پائی تو سیدہ کی وفات پر آپ کے شوہر حضرت علیؑ نے بہت حزن کی اور بہت روئے۔

اہل سنت کی معتبر کتاب مرف الذہب جلد ۲ صفحہ ۲۹۷

راوی کہتا ہے کہ حضرت علیؑ جنگ صفین کیلئے جاتے ہوئے کربلا سے گزرے اور پوچھا اس زمین کا کیا نام ہے لوگوں نے بتایا اس زمین کا نام کربلا ہے۔ حضرت یہ نام سنتے ہی رو پڑے اور اتنا روئے کہ زمین آنسوؤں سے تر ہو گئی۔

(اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صفحہ ۱۱۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وفات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صبر اچھا نہیں

"ان الصبر الجميل الا عليك وان الجزع لقبيح الا عليك"

حضرت علیؑ وفات نبی کریمؐ کے وقت فرماتے ہیں کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبر اچھی چیز ہے مگر آپ کی موت پر (صبر اچھا نہیں)

نہج البلاغہ طبع مصر ۲۰۷

وفات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کن کن لوگوں نے گریہ و ماتم کیا؟

وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آسمان سے رونے کی آوازیں آتیں۔

روضۃ الاحباب جلد اول ۵۶۱

وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ملک الموت نے گریہ کیا۔

روضۃ الاحباب جلد اول صفحہ ۵۶۱

جناب عائشہؓ کا ماتم

جناب عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری آغوش میں وفات پائی میں نے حضورؐ کا سر تکیہ پر رکھا اور کھڑی ہوگئی اور (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غم میں) میں نے دوسری عورتوں کے ساتھ مل کر اپنے چہرے کو پیٹا۔

مسند احمد بن اثیر جلد ۴ صفحہ ۲۷۷

تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۲ صفحہ ۱۰۰

طبقات بن سعد حصہ دوم صفحہ ۳۶۶

اردو ترجمہ علامہ عبداللہ العمادی مرحوم نفیس اکیڈمی

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روح اظہر کے پرواز ہوتے ہیں حضرت عائشہؓ نے آپ کا سر مبارک اپنی آغوش سے جدا کر کے تکیہ پر رکھ دیا اور بستر مقدس سے اس طرح اٹھیں کہ اپنے منہ پر بے تحاشہ طمانچے مار رہی تھیں۔

دارج النبوت صفحہ ۶۳۹
موئف شیخ عبدالحق محدث دہلوی
اردو ترجمہ جناب مولوی شمس الحسن بریلوی

جب آنحضرتؐ کے دفن سے فارغ ہو گئے تو صحابہ حسرت واندوہ میں غرق خاک بستر محبوبِ دو جہان کے فراق میں آتش بجان ہو رہے تھے گریہ وزاری کے سوائے کام نہ تھا خصوصاً حضرت فاطمہ زہراؑ سب سے زیادہ مصیبت زدہ تھیں سوائے گریہ وزاری کے انکو اور کچھ کام نہ تھا، آپؑ حضرت حسنؑ و حسینؑ کو دیکھتی تھیں اور اپنی یتیمی اور ان کے بچوں کی یتیمی پر روتی تھیں، ادھر عائشہؓ کی یہ کیفیت تھی کہ وہی حجرہ جس میں وصال ہوا تھا اب وصال کے بعد وہی حجرہ آپ کیلئے بیت الحزن بن گیا، رات دن رونے کے سوا کچھ کام نہ تھا۔

دراج النبوت صفحہ ۶۶۱
مولف شیخ عبدالحق محدث دہلوی
اردو ترجمہ مولوی شمس الحسن بریلوی

مجھ سے یحیٰ بن عباد بن عبداللہ بن زبیر ے اور انہوں نے اپنے باپ عباد روایت بیان کی کہ میں نے حضرت عائشہؓ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جس وقت رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو آپ میرے سینے اور گلے کے درمیان تھے اور میرے گھر میں تھے، وفات کے بعد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں نے آپ کا سر تکیے پر رکھ دیا اور کھڑے ہو کر عورتوں کے ساتھ سینہ کوٹنا اور ہاتھ چہرے پر مارنا شروع کر دیا۔

سیرت النبی کامل حصہ دوم صفحہ ۸۰۳ مرتبہ ابن ہشام
ترجمہ اردو مولانا عبدالجلیل صدیقی
ناشرین شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز کشمیری بازار، لاہور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کن لوگوں نے آنحضرتؐ کی وفات پر مرثیئے اور ماتمی اشعار کہے

حسان بن ثابتؓ نے یہ اشعار کہے جن میں وہ رسولؐ پر آہ بکا کرتے ہیں جیسا کہ ہم سے ابن ہشام نے ابوزہد انصاری کی روایت بیان کی ہے۔

ہم چند منتخب اشعار کا ترجمہ پیش کرتے ہیں:

"اب میں اس مقام پر رسول اللہ ﷺ کو رو رہا ہے اور آنکھوں نے میری اعانت کی ہے، اور ان آنکھوں سے بھی دو مثل پلکیں میرا ساتھ دے رہی ہیں"

"اور یہ غمزدہ لوگ اس حالت میں ہو گئے کہ اب ان میں ان کے نبیؐ نہیں اور اب ان کی کمریں اور بازو بالکل کمزور ہو گئے ہیں"

"یہ لوگ اس ہستی پر رو رہے تھے جس پر اس کی وفات کے دن آسمان رو رہے تھے اور زمین رو رہی تھی اور لوگ اس سے بھی زیادہ غمزدہ تھے"

"پس اے آنکھ! رسول اللہ ﷺ پر خوب رو اور بڑے بڑے آنسو بہا اور میں کبھی نہ دیکھوں کے تیرے آنسو خشک ہو گئے ہیں"

"پس تو ان آنسوؤں کی اچھی طرح سخاوت کر، اور اس ہستی کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فقدان پر چیخیں مار مار کر رو، جس کی مثال زمانہ بھر میں نہیں پائی جا سکتی"

سیرت النبی کامل مرتبہ ابن ہشام جلد دوم صفحہ ۸۱۸ تا ۸۲۲

عاتکہ بنت زید بن عمرو بن نفیلؓ

شام ہی سے سردار کو رو رہی ہیں آنکھ سے رہ رہ کے آنسو آتے جاتے ہیں

فرط رنج وغم سے آپ کی بیبیوں کو افاقہ تک نہیں، رہ رہ کے رنج بڑھتا ہے

طبقات ابن سعد جلد دوم صفحہ ۴۵۰/۴۴۹

ام ایمنؓ

اے آنکھ! اچھی طرح رو، رونا ہی شفا ہے، اس لئے رونے میں کمی نہ کر جب لوگوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ چلے گئے تو ہر قسم کی آزمائش کا یہی وقت ہے۔ اے دونوں آنکھوں، اس کو روؤ جس کی مصیبت ہم پر نازل ہوئی ہے وہ دنیا میں سب سے اچھے تھے اور وحی آسمانی مخصوص تھے۔

ہندؓ بنت اثاثہ عباد بن المطلب

اے فاطمہ اس مرنے والے پر تیرے گریہ نے

میرے بال سفید کر دیئے اور قد کو جھکا دیا۔

طبقات ابن سعد جلد دوم صفحہ ۴۴۶

ہند بنت الحارث بن عبد المطلبؓ

اے آنکھ، ایسی فیاضی سے آنسو بہا جیسے ابر باران

مینہ برساتا ہے۔ وہ پرانا کنواں اوپر سے بند ہو گیا ہو جس طرح

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اندر ہی اندر نالی میں اس کا پانی بہتا ہوا اسی طرح تو بھی آنسو بہا۔

طبقات ابن سعد جلد دوم ۴۴۶

صفیہؓ بنت عبدالمطلبؓ

آپؐ کے جاتے رہنے سے بطحاء روئے گا، مکہ روئے گا دیار حجاز روئیگا تمام قبائل آپؐ کے جاتے رہنے کا درد بھرا گریہ کریں گے اور اس میں بے تابی کو مدد دے گی اے میری آنکھ، تو کیوں نہیں روتی، تجھے تو دل کھول کے آنسو بہانا چاہیئے۔

اے آنکھ اچھی طرح آنسو بہا، ان پیغمبرؐ کیلیئے جو

پاک تھے اللہ کی جناب میں نہایت رجوع رکھنے والے تھے۔

مصطفیٰ کا ماتم کر اور بڑی فیاضی کے ساتھ عام وخاص

آنسوؤں سے حضرت کا سوگ منا

اے آنکھ اب رسول اللہ ﷺ کے بعد اور کون ہے جسے تو روئیگی وہی تو

تھے جن کو ہمارے پروردگار اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب سے مخصوص فرمایا تھا۔

طبقات ابن سعد جلد دوم صفحہ ۴۳۸ تا ۴۴۳

اردو ترجمہ علامہ عبداللہ عمادی مرحوم نفیس اکیڈمی

عاتکہؓ بنت عبدالمطلبؓ

اے میری دونوں آنکھوں جب تک زمانے کی درازی قائم ہے

روؤ اور جی کھول کے آنسو بہاؤ جس میں کوئی کوتاہی نہ ہونے پائے۔

اے میری آنکھ اچھی طرح اشکبار ہو مرتے دم تک

اتنے دولاب اشک بہا جس میں کمی واقع نہ ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے میری آنکھ اشکبار ہو اور کوشش کر کے اسکبار ہو ان کیلئے جو برگزیدہ تھے نور لے کے آئے تھے، ان کے علاوہ خلق اللہ میں سے اور کسی پر نہ رو۔ ایسا رونا رو کہ سیلاب آ جائیں۔ کیونکہ عدل و خیر والے والے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مصیبت مجھ پر نازل ہوئی ہے۔ اور اچھی طرح رو اور ہر صبح کو اس کا ماتم کرو جو قحط کے زمانہ میں یتیموں کا والی اور وارث تھا۔

طبقات ابن سعد جلد دوم صفحہ ۴۳۵ تا ۴۳۸

اروی بنت عبدالمطلبؓ

اے آنکھ تیرا برا حال، ہو جب تک تو باقی ہے

اپنے آنسو میری مدد کر اور میری بات مان۔

طبقات ابن سعد حصہ دوم صفحہ ۴۳۲

مندرجہ بالا اصحابہ کے اشعار سے اس دور کے اسلامی تہذیب و ثقافت کی عکاسی کا پتہ چلتا ہے جیسے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت پر اظہار غم منانے کا طریقہ آنکھوں سے آنسو بہانا اور ماتم کرنا تھا۔ جیسا کہ صفیہ بنت عبدالمطلب نے کہا ہے کہ مصطفیٰؐ کا ماتم کرا رو بڑی فیاضی کے ساتھ آنسوؤں کا سوگ منا۔

حسان بن ثابت کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسی ہستی ہیں جنکے انتقال پر چیخیں مار مار کر رو، ایک اور جگہ لکھتے ہیں کہ اس قدر فیاضی سے آنسو بہا کہ سیلاب آ جائے"۔

یہ گریہ ماتم حرام تھا پھر اصحابؓ کرام نے ایسے مرثیے کیوں کہے جس سے فعل حرام کی طرف ترغیب ہو؟

جناب والا! یہ گریہ ماتم حرام نہ تھا اس لئے صحابہ کرامؓ، ازدواج اصحابہ، ودختر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گریہ و ماتم کیا اور مرثیے کہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرآن کی نظر میں گریہ وماتم

امام حسینؑ کے غم میں لوگ روتے جاتے ہیں علم نکالتے ہیں نوحہ پڑھتے ہیں کہنے لگے کہ رونا ناجائز ہے

میرے عزیز خداوند کریم نے انسانی جسم میں جو غدود معلیئے دیئے ہیں جنکا کام غم میں آنسو بہانا ہے۔ معاذ اللہ یہ اللہ نے عبث پیدا کر دیئے ہیں؟ بلکہ یہ ظالم کے ظلم کو عیاں کرتے ہیں۔ آنسو بہانا صبر کے منافی نہیں حضرت یعقوب اپنے گم شدہ پسر کیلئے اتنا روئے کہ آنکھیں سفید ہوگئیں جیسا کہ ارشاد خداوند کریم ہے کہ

اور اس نے ان سے منہ پھیر لیا اور (رو کے) کہنے لگا
ہائے افسوس یوسف پر غم واندوں کی وجہ سے اس کی
دونوں آنکھیں سفید ہوگئیں۔

(پارہ ۱۳، سورۃ یوسف آیت ۸۴)

رونا صبر کے منافی نہیں حضرت یعقوب اپنے گم شدہ فرزند کیلئے اتنا روئے کہ آنکھیں سفید ہوگئیں نہ خدا نے ان کو اس بے صبری پر برا کہا اور نہ نبوت کا درجہ کم ہوا۔ ہر گریہ کے بعد صبر کا درجہ بڑھتا رہتا ہے۔

کسی کا بیٹا مر جائے یا کھو جائے اور وہ روئے نہیں تو لوگ کہیں گے کہ اس کے حس مردہ ہوگئے ہیں اور لاؤ اور انسانی ہمدردی اس میں نہیں ہے۔

فما بکت علیهم السمآء و الارض وما کانو منظرین۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سرکش قوموں پر نہ آسمان رویا نہ زمین اور نہ انہیں مہلت دی گئی۔

(پارہ ۲۵ سورۃ الدخان)

اس آیت کی تفسیر میں علامہ جلال الدین سیوطی نے تفسیر درمنشور جلد ۶ صفحہ ۳۱ مطبوعہ مصر ۱۳۱۷ھ میں حسب ذیل روایت لکھی۔

ابن ابی حاتم عبید کاتب سے روایت کرتے ہیں کہ

ابراہیم نے کہا جب سے دنیا پیدا ہوئی آسمان صرف دو آدمیوں پر رویا۔ جب حضرت یحیٰ بن زکریا قتل ہوئے تو آسمان سرخ ہو گیا اور خون برسا اور جب حسینؑ قتل ہوئے تو آسمان سرخ ہوا۔

علامہ جلال الدین سیوطی نے تاریخ خلفاء کے صفحہ ۲۳۸ پر لکھا ہے کہ

حضرت امام کی شہادت کے بعد مسلسل چھ ماہ تک آسمان کے کنارے سرخ ہو رہے بعد میں وہ سرخی رفتہ رفتہ جاتی رہی لیکن افق کی سرخی اب تک موجود ہے جو شہادت حسینؑ سے پہلے موجود نہ تھی بعض لوگ کہتے ہیں کہ روز شہادت حسینؑ بیت المقدس کا جو پتھر پلٹا جاتا تو اس کے نیچے تازہ خون دکھائی دیتا۔ پس معلوم ہوا جب کوئی مظلوم شہید ہوتا ہے تو زمین و آسمان روتے ہیں۔

صواعق محرقہ علامہ ابن حجر مکی صفحہ ۱۱۶ مطبوعہ مصر میں ہے کہ

جب حسینؑ شہید ہوئے تو آسمان سے خون برسا کہ گھروں میں جو برتن تھے وہ خون سے بھر گئے اور آسمان بالکل تاریک ہو گیا یہاں تک کہ دن کو ستارے نظر آنے لگے اور جو پتھر زمین سے اٹھایا جاتا تھا اس کے نیچے تازہ خون جوش مارتا ہوا نکلتا تھا اور سورج کی گہن لگ گیا ستارے آپس میں ٹکراتے تھے آسمان سے جس خون کی بارش ہوئی وہ خون جن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کپڑوں پر لگ گیا وہ کپڑے بوسیدہ ہو گئے مگر خون کا داغ نہیں مٹا۔

نیز غلیۃ الطابین شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادی صفحہ ۳۵۰ میں ہے کہ امام حسینؑ کی قبر پر ستر ہزار فرشتے خدا نے اس لئے نازل کئے کہ قیامت تک گریہ وبکا کرتے رہیں۔

و بشر وہ بغلام علیم فا قبلت امراتہ فی صرۃ فصکت وجھا و قالت عجوز عقیم قالو کذلك قال ربك ان ھوا الحکیم العکیم

ترجمہ: یعنی ملائکہ نے ایک دانشمند لڑکے کی خوش خبری سنائی پس ان کی زوجہ در یچہ پر آ گئیں اور اپنا منہ پیٹ لیا اور کہا میں بڑھیا اور بانجھ ہوں انہوں نے کہا تمہارے پروردگار نے ایسا ہی فرمایا ہے بے شک وہ صاحب حکمت وعلم ہے۔

(پارہ ۲۶ سورۃ ذاریات)

واضح ہو کہ ایک پیغمبر کی زوجہ اور ایک پیغمبرﷺ کی والدہ نے روبرو خلیل اللہ وملائکۃ اللہ کے منہ پر پیٹا۔ ملائکہ اور پیغمبرﷺ دیکھتے رہے اور منع نہین کیا اگر پیٹنا فعل حرام ہوتا تو نبی وملائکہ پر فعل حرام سے منع کرنا واجب تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرآن کی روشنی میں ہنسیں کم روئیں زیادہ

پس تمہیں چاہیے کہ ہنسیں کم اور روئیں زیادہ

سورۃ توبہ آیت ۸۲

ہنسی درحقیقت دم غریزی کے جوش کا نام ہے جب انسان کسی چیز کو دیکھتا یا سنتا ہے جو اس کے اندر مسرت کے آثار پیدا کر دے تو انسان پر نشاط و شادمانی کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اب اگر وہ ان حالات میں قوائے عقلیہ کو نہ استعمال کرے تو اس پر ہنسی کیفیت غالب آ جائے گی۔

بہت ہنسنے سے دل مر جاتا ہے

رسول خداؐ

مومن کا ہنسنا بہ تبسم ہونا چاہیئے آواز نہ نکلے

امام جعفر صادقؑ

قہقہہ مار کر ہنسنا شیطان کی طرف سے ہے یہ بھی فرمایا کہ زیادہ ہنسنے سے چہرے کی آب و تاب جاتی رہتی ہے۔

رسول خداؐ

حلیۃ المتقین

سرکار دو جہاں رحمت کون و مکان کا ارشاد حقیقت پر مبنی ہے کہ بعض آدمی ہنستے ہنستے مر جاتے ہیں کیوں زیادہ ہنسنے سے ہمارے جسمانی نظام پر بار پڑتا ہے اور قلب کی حرکت

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فی منٹ ایک سو بیس تک پہنچ جاتی ہے۔ ساتھ ہی دماغ کی برقی لہروں میں بھی تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے نیز خون کی روانی کی رفتار جسمانی درجہ حرارت اور جسمانی کیمیائی اجزاء کے اجتماع میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ انتہائی ہنسی کے بھی کچھ خطرات ہیں جدید تحقیقات مظہر ہیں کہ بہت زور سے ہنسنے سے ہرنیا اور بعض دوسری اندرونی خرابیاں پیدا ہو سکتی ہیں ایسے واقعات بھی ہوئے ہیں کہ ہنستے ہنستے دل کا دورہ پڑ گیا۔

اسلامی اصولوں پر عمل پیرا ہونے سے انسان ان امراض سے بچا رہے گا خاص طور پر پھیپھڑے اور قلب کے امراض والے حضرات کیلئے زیادہ ہنسنا اور قہقہہ لگانا نقصان سے خالی نہ ہوگا لہٰذا انسان کے قہقہہ لگانے اور زیادہ ہنسنے سے (Inguinal Ring) پر مسلسل دباؤ پڑنے سے (Inguinal Ring) کمزور ہو جایا کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے عضو کا کوئی حصہ اپنی اصلی جگہ سے ہٹ کر کسی قدرتی یا اتفاقی سوراخ کے شگاف کے راستہ باہر ابھر آتا ہے اس ابھار کو ہرنیا کہتے ہیں۔

(Inguinal Ring) پر دباؤ پڑھنے سے کج ران کی نالی (Inguinal Canal) کے مقامات پر اس قسم کا ہرنیا عموماً دیکھنے میں آیا ہے لہٰذا انسان کو چاہئے کہ وہ قہقہہ مارنے اور زیادہ ہنسنے سے پرہیز اختیار کرے اسی لئے خداوندِ کریم نے سورۃ نور میں حکم دیا ہے کہ ''ہنسیں کم'' زیادہ ہنسی سے انسان مختلف امراض میں گرفتار ہو جائیگا۔ رونا یا ہنسنا بلاشبہ دونوں فطرت کے دو طریقے اظہار ہیں اور اسی لئے ان جذبوں کی تاریخ معین کرتے وقت یہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ انسان کی پیدائش کی تاریخ ہی ان جذبوں کی بھی تاریخ ہے انسان انہیں اپنے وجود میں ساتھ لے کر پیدا ہوا ہے۔ لیکن مقام غور ہے کہ تحقیق کے باوجود پہلی ہنسی کا کوئی تاریخ ثبوت ہمارے پاس محفوظ نہیں رہا البتہ فرق جنت میں پہلے انسان یعنی آدم علیہ السلام کا گریہ فرمانا عقل، مذاہب اور نفسیات کی روشنی میں حد تواتر تک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہنچا ہوا ہے جس کے آثار ہمیں کتب میں ملتے ہیں اس میں کسی نے آج تک کسی قسم کا شک وشبہ ظاہر نہیں کیا ہے۔

انسان کسی چیز سے مغموم ہوتا ہے تو اس کا دماغ اس غم کے ردعمل کے طور پر نچڑتا ہے۔ یہاں تک کہ آنکھوں سے رطوبت بہہ نکلتی ہے اور اس بہتی ہوئی رطوبت کا نام گریہ یا رونا ہے۔

گڑگڑا کر گریہ وزاری سے دل کا بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے غم و یاس کے بادل دل و دماغ پر چھائے ہوتے ہیں وہ اشک بن کر برس جاتے ہیں اور اس طرح دکھ درد کی تلخی کم ہو جاتی ہے۔ ایک ماہانہ رسالہ ''ہمدرد صحت'' حکیم عبدالحمید دہلوی کی زیر ادارت لال کنواں دہلی سے نکالا جاتا تھا اس کے مارچ ۱۹۶۲ء کے شمارہ کے صفحہ ۱۳ پر نفسیات کے ذیل میں ڈاکٹر میں عثمان خان سکندر آبادی کا ایک مضمون شائع ہوا ہے جس کا عنوان ہے۔

''مردوں کو آنسو زیادہ بہانے چاہئیں'' شروع اس طرح کی گئی ہے کہ عورتیں ذرا ذرا سی باتوں پر آنسو بہانے لگتی ہیں جس سے دل کی بھڑاس نکل جانے سے صریحاً ان کو سکون ہو جاتا ہے لیکن اگر مرد کے آنسو کسی وجہ سے نکل پڑیں تو یہی بزدلی کی بات سمجھی جاتی ہے''۔

اس طرز خیال کی تحقیقات کیلئے ایک امریکی ماہر امراض النفس نے ہزاروں مردوں اور عورتوں سے ملاقات کر کے اس موضوع کے متعلق تفصیلی گفتگو کی اور بالآخر اس نتیجہ پر پہنچا کہ مردوں کو بھی عورتوں کی طرح رونے کی عادت ڈالنی چاہیئے کیوں کہ جذبات کو اس طرح دبائے رکھنا مردوں کیلئے مضر صحت ہے۔ ڈاکٹر موصوف پھر کہتے ہیں کہ ''یورپ کے دوسرے کئی چوٹی کے ماہر امراض النفس بھی یہی کہتے ہیں کہ آنسو بہانا اور رونا ایک تسکین بخش فعل ہے جس سے تناؤ کم کرنے کیلئے وقتاً فوقتاً استفادہ کرنا چاہیئے تاکہ طبیعت ہلکی ہو کر بحالی پیدا کر سکے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بچے کے رونا فائدہ مند ہے

ارشادِ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ:

اے مفضل غور کرو کہ بچوں کے رونے میں کیا فائدہ ہے۔ یہ جان لو کہ بچوں کے دماغ میں رطوبت ہوتی ہے۔ اگر وہ دماغ میں رہ جائے تو طرح طرح کی مصیبتیں ان پر پڑیں اور عارضے لاحق ہوں مثلاً آنکھ کی بصارت ہی جاتی رہے یا کوئی بیماری لاحق ہو تو رونا اس رطوبت کو ان کے دماغوں سے بہا دینا ہے اور ان کے بدنوں میں صحت پیدا کر دیتا ہے اور ان کی آنکھوں میں سلامتی پیدا کر دیتا ہے۔

(توحید الائمہ صفحہ ۴۷)

رونا بچے کی قدرتی ورزش ہے جس سے نہ صرف اس کے پھیپھڑے بلکہ اس کا سارا جسم حرکت کرتا ہے جس سے بچہ پھلتا اور پھولتا ہے

سقراط کا قول ہے کہ:

"اگر بچہ نہ روئے یا کم روئے تو اس کی مختلف نفسیاتی اثرات سے رلانا چاہیئے اور ایسی حرکتیں عمل میں لاؤ جس سے بچے کو رونا آ جائے بچہ کا رونا اس کی صحت پر دلالت کرتا ہے بشرطیکہ ماں کی بے احتیاطی بچہ کیلئے بیماری کا پیش خیمہ نہ ہو۔

ایک بچہ تکلیف محسوس کرتا ہے لیکن اس تکلیف کا اظہار زبان سے نہیں کر سکتا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

البتہ رونے کی آواز میں اتار چڑھاؤ کے ذریعے وہ اس کا اظہار ضرور کرتا ہے مثلاً رونے کی ایک مخصوص انداز سے دماغ میں عصبی ادوار (نروسرکٹس) کے روغام کا پتہ چلتا ہے اور ایک دورے انداز ے سے نظام تنفس میں خرابی کی نشاندہی ہوسکتی ہے۔

معرفت کا رونا

اور یہ لوگ سجدہ میں منہ کے بل گر پڑتے ہیں اور روتے جاتے ہیں اور
یہ قرآن کی ان کی خاکساری کو بڑھاتا جاتا ہے۔

(پارہ ۱۵، سورۃ بنی اسرائیل آیت ۱۰۹)

اس آیت میں ان اہل ایمان کا ذکر کیا گیا ہے جو کتب آسمانی کا علم رکھتے ہیں ان کے سامنے قرآن الحکیم کی تلاوری کی جائے تو فوراً سر سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور اس کی عظمت کے احساس سے رونا شروع کر دیتے ہیں گویا اس موقع پر رونا ایک طرح کی عملی تصدیق اور حساس عظمت کا صحیح اظہار ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گریہ حسینؑ کا اخلاقی اثر

کسی شریعت اور ملت کا مقصد اصلی کیا ہے اس کا جواب ہر شخص با آسانی دے سکتا ہے کہ شرائع کا مقصد اصلی اور علت غائی اور اخلاق تعلیم ہے۔ اس میں دنیا کے تمام مذاہب تقریباً یکساں حیثیت رکھتے ہیں۔ کون نہیں جانتا کہ کذب، کبر، کینہ، بخل، زنا، چوری، خصائل ذمیمہ سے احتراز لازم ہے۔

سخاوت، تواضع، حلم، شجاعت، عفت، ہمدردی خصائل حسنہ کا خوگر ہونا تکمیل انسانیت ہے۔ ہر مذہب ان باتوں کی تعلیم دیتا ہے لیکن یہ عقلی فیصلہ ہے کہ کوئی ایسی بڑی بات نہیں جس کے واسطے ربانی معلموں کی ضرورت ہو، نہ ان کی تعلیم سے یہ خصائل ذمیمہ انسانی افراد کلیۃً دور ہو سکتے ہیں کیونکہ انسانی فطرت نہیں بدل سکتی شریعت کا خاص کام یہ ہے کہ ایسے عبادات اور فرائض مقرر کرے جس سے خود بخود فطری اصول پر خصائل حسنہ پیدا ہوں اور خصائل ذمیمہ کا ازالہ ہو جائے۔ خمس و زکوۃ دیتے دیتے بخل دور ہو جاتا ہے نماز باجماعت خصوصاً ایام حج میں امیر الامراء کو غریب الغربا کے ساتھ ایک حالت میں بلا امتیاز رہنا پڑتا ہے اس کے ساتھ نفس میں کبر و غرور باقی نہیں رہتا، روزہ انسان میں غریبوں کی بھوک پیاس کا احساس پیدا کرتا ہے بہر حال تمام اسلامی احکام کی غرض صرف اعلیٰ اخلاق کا نشو ہے لیکن تمدنی اخلاق کی تعلیم سے زیادہ ضروری تعلیم وہ تعلیم ہے جس کا تعلق روحانیت سے ہے خصائل حسنہ میں ایک صفت ایسی بھی ہے جو روحانی اور اخلاقی دونوں پہلوؤں پر حاوی ہے وہ صفت کیا ہے؟ ''رقت قلب'' جو ایک حد تک کل خوبیوں کا سرچشمہ ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علم النفس کے اصول پر رقت قلب کے پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ گریہ حسینؑ ہی ہوسکتا ہے گویا اس صفت خاص کی نشوونما کا مکمل انتظام حسین پرگیہ کے عبادت ہونے کو قرار دیا گیا ہے ایک دردناک واقعہ پر روتے روتے قلب میں دوسرے دردناک واقعات کا پورا اثر لینے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔

رقت قلب کی تربیت کا بہترین ذریعہ گریہ وزاری حضرت امام حسینؑ ہی ہے کیونکہ رقت قلب ہی کے باعث گریہ ہوسکتی ہے اور گریہ اس کی مصیبت پر آتا ہے جس سے محبت اور لگاؤ ہو محبت ایسا قوی جذبہ ہے کہ اگر خالص ہو تو پیروی اور تاسی پر مجبور کرتا ہے جیسا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔

> خدا کے حکم کی نافرمانی اور پھر اس کی محبت کا دم بھرو۔ میری جان کی قسم! یہ عجیب رویہ ہے اگر تیری محبت سچی ہوتی تو یقیناً اسکی اطاعت کرتا کیونکہ محبت کرنے والا محبوب کی اطاعت کرتا ہے۔ (سفینۃ البحار جلد اول صفحہ ۲۰۱)

حضرت امام حسینؑ اخلاق حسنہ کے بہترین نمونہ تھے جن کو ان سے محبت ہے وہ حسینی اخلاق کی تاسی میں حتی الوسع کوشاں رہتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسان وحیوان

اس دنیا میں آج تک کوئی ایک ایسا بھی نہ ملا جس کے دل میں نشترِ غم کا خزانہ ہو عام وخاص امیر وغریب، بادشاہ ورعایا، جاہل وعالم سب کے سب کم پیش غم وآلام کی دلدل میں پھنسے ہوئے ہونگے۔ کون سی خوشی ہے جس کے بعد یہاں غم نہیں آیا۔ کون سی شادی ہے جس کے پیچھے نوحہ وماتم نہیں ہوا۔ صحت کی بیماری اور دولت کے بعد مفلسی نہیں آتی ہو؟

انسانی زندگی میں غم اس طرح لازم وملزوم ہے جیسے بدن میں روح یہ حقیقت ہے کہ انسان جب اس دنیا میں تشریف لایا تو غم اپنے ہمراہ لایا غم انسان کی زندگی کا ایک حصہ ہے۔ انسان اور حیوان میں جو فرق نظر آتا ہے وہ یہ ہے کہ انسان میں غم وغور فکر کی صلاحیت ہے غور فکر ہی ہے جو غم کو غم بناتا ہے جبکہ حیوان میں غم وغور فکر نہیں ہوا اور نہ ہی آنسو بہانے کی اہلیت ہوتی ہے خداوند کریم نے انسان میں رونے کی صفت اس لئے پیدا کی کہ غم تو انسان کے ساتھ مخصوص کرنا تھا اور غم کے اخراج کا ذریعہ آنسو کو بنایا۔

یاد رکھیں! انسان کی زندگی کے ساتھ غم کو اس وجہ سے وابستہ کیا کہ انسان کو انسان بنانا مطلوب تھا آدمی غم ہی سے انسان بنتا ہے غم کی تیزی میں انسان دنیا کو اس کے حقیقی روپ میں دیکھتا ہے اور اس کو بے وفائی اور کم مائیگی کا نقش اس کے دل میں جم جاتا ہے اور اب اس کے اندر عمیق نظر سے غور فکر کی عادت پیدا ہو جاتی ہے یہی دو چیزیں آدمی کو انسان بنا دیتی ہیں انسان اور حیوان میں تمیز ظاہر کرتی ہے۔

انسان اگر حیوان سے ممتاز ہے تو رحم وکرم اور اخلاق وشرافت کی بنیاد پر اور یہ صفات عالیہ ممکن نہ ہوتیں اگر انسان کو لذت غم نصیب نہ ہوتی"۔

یہ حقیقت ہے کہ انسان میں سنجیدگی اور بردباری لاتا ہے فکر کی قوتوں کو بیدار کرتا ہے عمل کی صلاحیتوں کو جگاتا ہے نیکی کی راہ دکھاتا ہے انسان کو اس کے حقیقی شرف ومنزلت سے ہمکنار کر دیتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنسو کیا ہیں اور کیوں نکلتے ہیں؟

آنسوؤں کی کوئی زبان نہیں ہوتی اور پھر بھی یہ ایک داستان سنا دیتے ہیں اگر یہ نہ ہوتے تو مظلوم کی زبان کون سمجھتا۔

یہ آنسو اتنے کارآمد ہیں تو آخر بنتے کہاں ہیں جو انسان کے باطنی علامت کا پردہ چاک کر دیتے ہیں میڈیکل کے نقطہ نظر سے دیکھیں تو یہ آنسو قدرت نے آنکھوں کے اندر غدود رکھے ہیں جن کو غدود معئی کہا جاتا ہے یہ ایک نمکین اور شفاف رطوبت تیار کرتے ہیں جو آنکھوں کو تر رکھتی ہے اور گرد و غبار اور میل وغیرہ سے آنکھ کو بچائے رکھتی ہے اور جب یہ احساسات بڑھ جاتے ہیں تو معئی پر بے اختیار دباؤ پڑتا ہے تو آنسوؤں کی جھڑی لگ جاتی ہے جو رو کے نہیں رکتی علم طب کی رو سے آنسوؤں کا بہہ جانا اچھا ہوتا ہے جس سے دل و دماغ پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

غموں کے مواقع۔ پر رونا درحقیقت اظہار غم کا ایک ذریعہ ہے اس لئے ہم اپنے دلی جذبات کا اظہار زبان کے بجائے آنسوؤں کے ذریعہ کرتے ہیں۔

صدموں کی وجہ سے دماغی پردوں میں ورم پیدا ہو سکتا ہے جیسے طبی اصلاح میں سمپل مینی گیٹیس (Simplele Meningitis) کہتے ہیں دعا اور ذکر حسینؑ میں آنسو بہانے سے دماغ ہلکا ہونے لگتا ہے۔ چنانچہ دماغی پردوں کی سوزش میں نمایاں کمی واقع ہونے لگتی ہے اور جسم ہلکا محسوس ہونے لگتا ہے اور جسم کے تمام رگوں میں خون پوری طرح گردش کرنے لگتا ہے اور ہمارے عضلات مکمل طور پر کام کرنے کیلئے آمادہ ہو جاتے ہیں اور ہم اپنے اندر عجیب چستی اور پھرتی محسوس کرنے لگتے ہیں۔ ڈاکٹر تھامس شیلف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(Dr. Thomes Sceff) جو کہ کیلیفورنیا یونیورسٹی میں سوشیالوجی کے پروفیسر کہتے ہیں کہ غم اور اندوہ کو دور کرنے کیلئے گریہ ایک ضروری شرط ہے اور آنسو اس کا حیاتیاتی جزو ہیں رونے سے غم واندوہ کا دباؤ دور ہو جاتا ہے اور جذباتی گھٹن سے بخوبی نجات مل جاتی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا حسینؑ کے غم میں رونا بزدلی ہے؟

رونا بزدلی کا مظاہرہ ہے، قلب کی کمزوری کا اظہار ہے اور اس اعتبار سے جہاں انسانوں کہ شایان شان نہیں کہا جاسکتا!

اپنی مصیبت پر رودینا بزدلی ہے اس لئے دنیا اس کی مخالفت کرتی ہے۔ دوسرے کی مصیبت پر رونا اور بے چین ہو جانا شرافت ہمدردی گدز قلب اور رحم کی مثال ہے اس لئے اس کی ہر شخص تعریف کرتا ہے اپنی مصیبت پر مسکرا دینا صبر وشجاعت کہلاتا ہے دوسرے کے مصائب پر مسکرا دینا شقاوت اور سنگدلی کا مظہر تصور کیا جاسکتا ہے۔

امام حسین علیہ السلام اپنی مصیبت پر رودیتے تو بزدل کہلاتے وہ مسکراتے ہوئے مصائب کا مقابلہ کرتے رہے اس لئے صابر اور شجاع کہلائے۔ ہم حسینؑ کے مصائب پر حسین ابن علیؑ ایک انسانیت کے ہیرو سمجھ کر روتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ شہید کربلا کی داستان سن کر گریہ وزاری کرنے سے ہمت وحوصلہ پیدا ہو جاتا ہے اور یہ ہمت وحوصلہ انسان میں ظالم کے خلاف قوت کا سبب بنتا ہے اور بزدل دلیر ہونے لگتا ہے۔

شہادت حسینؑ میں مقصدیت ہے جو انسان کو عزم واستقلال کا سبق دیتی ہے جو ہمیں بتاتی ہے کہ نامساعد حالات میں بھی انسان کے قدموں میں لغزش نہیں آنی چاہیے۔

ذرا سوچیئے تو اپنی مصیبت پر رونا تو بزدلی ہے۔ اب اگر دوسروں کی مصیبت پر رونا بھی غلط مان لیا جائے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ قدرت کا وہ عجیب اور عظیم عطیہ جسے آنسو کہا جاتا ہے۔ قطعاً بے سود اور بے کار سی شے ہے اور قدرت نے ہماری آنکھوں میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محبت کے جو موتی چھپا رکھے ہیں وہ دراصل ایک فعل محبت ہے جو قدرت نے انجام دیا ہے۔ فطرت انسان کے خلاف کتنی بڑی بغاوت! قدرت پر کتنا پر ہولناک الزام ہے کاش کہ یزید کے ہوا خواہ غم کی اہمیت کو سمجھ سکتے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دائمی غم

شہادت امام حسین کا ایک مقصد دنیائے انسانیت کو ایک ابدی و دائمی غم عطاء کرنا بھی ہے امام سے زیادہ ماہر فطرت انسان کون ہوسکتا ہے غفلت ولاشعوری کا شکار ہونا انسانی فطرت ہے انسان ہے ہی غافل اور اس کی اس غفلت کو دور کرنے کا واحد مجرب نسخہ دل کو چوٹ دینا ہے کیونکہ یہ حقیقت ہے کہ جس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا کہ برے برا انسان اس وقت گناہ کی طرف مائل نہیں ہوتا جب اسے کسی قسم کا کوئی غم ہو۔ مثلاً ایک فاسق ترین شخص کا بیٹا مر گیا ہو تو اس وقت برائی جس شکل انداز میں بھی ہو اس کی ترغیب گناہ دے وہ گناہ نہیں کرتا اس کا دل ہی نہیں چاہتا اس وقت گناہ کرنے کو یعنی بات یہ سمجھ میں آئی کہ انسان غفلت ولاشعوری سے تب ہی بچ سکتا ہے جب اسے کوئی مستقل غم ہو۔ انسانیت کو ایک غم دینے کیلئے سرکار سید الشہداءؑ نے کربلا میں اپنا سب کچھ لٹا دیا۔ امام حسینؑ سے محبت کا یہ تقاضہ ہے کہ امام اور حکم امام کو اپنی جان، اپنے دل، اپنے ناموس اور اپنی اولاد غرض یہ کہ اپنی ہر چیز سے زیادہ عزیز سمجھا جائے۔

غم حقیقی کی پہچان یہ ہے کہ غم لاحق ہو تو انسان برائی کی طرف مائل ہی نہیں ہو سکتا غم شدید بھی لاحق ہو اور گناہ بھی سرزد ہو جائے یہ فطرت کے خلاف ہے فطرت کے اصول کبھی بھی نہیں بدلتے ان قوانین کو کبھی تغیر نہیں۔ امام حسینؑ کا غم حقیقی یہ ہے کہ امام حسینؑ کو رونے والے یزیدیت کے افعال (گانا بجانا، شراب پینا، ظلم وستم بدعتوں کو رواج دینا)، وغیرہ سے عملی طور پر کنارہ کش ہو جائیں اگر انہیں جتنا غم امام حسین بن علیؑ ہوگا لازمی طور پر ہر برائی سے بچ جائیں گے۔ برائی انفرادی ہو یا اجتماعی برائی تو برائی ہی ہے اس کو ختم کرنا یا دور رہنا ہی تاسی حسین ابن علیؑ ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام حسینؑ پر گریہ ایک معجزہ ہے

اولاد سے بڑھ کر کوئی عزیز نہیں ہوسکتا فطرت نے جو تعلق اولاد کے ساتھ پیدا کیا ہے وہ دوسرے کے ساتھ ممکن نہیں لیکن بیٹا مر جائے تو ماں باپ، بہن بھائی کے غم کی کوئی انتہا نہیں ہوتی وہ روتے ہیں تڑپتے ہیں چیختے ہیں اور اپنے دردانگیز جملوں سے بین سے دوسروں کا کلیجہ بھی ہلا دیتے ہیں لیکن گریہ دو چار دن سے زیادہ نہیں ہوتا اور ایک مدت کے بعد کوشش سے بھی یہ گریہ نہیں آتا وہ صرف ایک ہلکی سی آہ اور دبی دبی سی سسکی لے کر خاموش ہوجاتے ہیں چند سال گزر جائیں تو پھر یہ کیفیت بھی باقی نہیں رہتی ایسی حالت میں ہم یہ دیکھتے ہیں کہ چودہ سو سال کے بعد بھی لوگ امام حسینؑ پر روتے ہیں، دھاڑیں مار مار کر روتے ہیں بے ہوش ہوجاتے ہیں۔

ماہر نفسیات اس کو عقلی توجیہہ پیش کرنے میں ناکام رہے ہیں اس کی کوئی سائنٹیفک یا منطقی دلیل پیش نہیں کی جاسکتی ہماری عقل اس موقع پر حیران ہو جاتی ہے لیکن عقل منطق، سائنس اور نفسیات کے تمام اصولوں کو توڑ دینے والا یہ واقعہ ساری دنیا میں ہر جگہ ظہور میں آتا ہے اور محرم میں طول و عرض عالم میں ہر مجلس میں دیکھا جاسکتا ہے اسے معجزہ نہ کہا جائے تو کیا کہا جاسکتا ہے۔

علم النفس میں جذبات کے متعلق یہ اصول ہے کہ خوشی اور مسرتوں کے جذبات میں کھویا رہنا چاہتا ہے اور تکلیف اور غم سے انسان دور بھاگتا ہے۔ مسرتوں ہی؟ محمد حیات ہے اس وجہ سے اس کو باقی رہنا چاہیئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غموں کو زندہ رکھنا حیات کیلئے مضر ہے اس سبب سے انکو فنا ہونا ضروری ہے لہٰذا یہ قطعی امر ہے کہ کوئی صدمہ دیر پا نہیں رہ سکتا۔ مگر یہ کیسا غم ہے کہ چودہ سو سال ہو چکے ہیں پھر بھی کسی طرح کم نہیں ہوا بلکہ ہر سال ترقی ہی کرتا چلا جا رہا ہے۔

علم النفس کا اصول ہے کہ کسی شے یا امر کے متعلق کوئی جذبہ دوبارہ یکساں نہیں ہو سکتا بلکہ کم ہوتا رہتا ہے ہاں اگر طول مدت ہو جائے تو فرق محسوس ہوگا اور بالکل ہمیشہ کے لئے فنا ہو جائے گا اس کی وجہ یہ ہے کہ محسوسات میں کوئی امر ایسا نہیں ہے جس کے احساس کے ساتھ نظام نروس میں جس کا مرکز دماغ ہے کسی قسم کی تحریک نہ ہوتی ہو یہ نروس بار بار متحرک ہو جانے سے تھک جاتی ہے اور پھر تحریکات جو پیدا ہوتی ہے وہ ضعیف ہوتی ہیں ہاں اگر دو تحریکوں کے درمیان میں فصل کافی دے دیا جائے تو پھر اپنی قوت کے ساتھ متحرک ہو سکتی ہے لیکن پھر بھی اور اسباب سے کچھ فرق رہیگا مثال کے طور پر کسی شاعر کی نئی غزل لیجئے جو لطف پہلی بار آئے گا وہ دوسری بار نہیں آ سکتا اب غزل کو ہر دوسرے تیسرے روز پڑھا کیجئے تو چند روز میں اثر بالکل جاتا رہے گا کسی خوش نما عمارت کو دیکھئے پہلی مرتبہ آپ کو دیکھ کر حیران رہ جائیں گے مگر بار بار دیکھنے سے فرحت اور استعجاب کا اثر قطعاً رخصوت ہو جائے گا یہی حال غم والم کے جذبہ کی ہے کسی دردناک قصہ کا واقعہ کسی تاریخ میں پڑھیے اس کا جو اثر پہلی مرتبہ قلب پر ہوگا وہ دوبارہ نہ ہوگا اگر روز وہی قصہ پڑھیے یا سنئے تو کچھ اثر نہ ہوگا اب ان مجالس کو ملاحظہ فرمائیں وہی قصہ ہے کہ روز دوہرایا جاتا ہے ایام محرم میں دن رات میں دس دس مرتبہ اور یوں بھی ہر سال بھی میں بار بار ان ہی واقعات کو سنتے اور روتے چیختے ہیں سر و سینہ پیٹتے ہیں، علم النفس کے چار اصول ایسے ملے ہیں جس کو یہ گریہ صاف باطل کر دیتا ہے۔

اول۔ محض کافی تصور کا اس زمانہ میں محال ہونا جو اور واقعات سے زیادہ اس پر گریہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے واسطے مفید ہوگا۔

دوئم۔ بقا اور دوام کسی تکلیف کے جذبہ کا محال ہے۔

سوئم۔ تکرار پر کوئی جذبہ خوشی کا ہو یا غم کا باقی نہ رہنا چاہیئے۔

چہارم۔ اکثر حالات میں کسی نہ کسی سخت جذبہ کا تصادم لازمی ہے جس کو گریہ کا مانع ہونا چاہیئے۔

اگر قوانین فطرت میں سے کسی ایک میں بھی فرق ہو جائے تو اسے معجزہ کہیں گے۔ یہاں چار مختلف قوانین کا فرق اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں اس کو معجزہ نہ کہیں تو اور کیا کہیں اور حقیقت بھی یہی ہے کہ وہ معجزہ ہے۔ یہ خدا کی جانب سے حسینؑ کی مظلومیت کا انعام ہے یہ ان آنسوؤں کی قیمت ہے جو حسینؑ کے گھرانے کی خواتین کی آنکھوں میں لہرائے تو تھے لیکن لشکر عمر سعد کے مظالم کے نتیجہ میں دامن تک نہ آسکے تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہماری

عزاداری

ماضی

تا دورِ حاضر

کے ظالموں کے ظلم

کے خلاف بطور احتجاج

مظلوموں کی حمایت

و مصائب میں ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عزاداری کیا ہے؟

عزاداری حیاتِ انسانی کا گرانقدر سرمایہ کا نام ہے۔

عزاداری فروغ انسانیت کیلئے موثر اور مقدس تحریک کا نام ہے۔

عزاداری دنیا کے حریت پسندوں کیلئے مشعل ہدایت کا نام ہے۔

عزاداری صلاح معاشرے کے قائم کرنے کا نام ہے۔

عزاداری کتاب وحکمت اور اخلاقی امور کو بڑھانے کا نام ہے۔

عزاداری طاغوتی طاقتوں کا حیلہ ومکر وفریب کو عیاں کرنے کا نام ہے۔

~~عزاداری فاسق وفاجر کو ووٹ نہ دینے کا نام ہے۔~~

عزاداری فکر وعمل کی قوتوں کو ابھارنے کا نام ہے۔

عزاداری تزکیہ نفس اور روحانیت کو اجاگر کرنے کا نام ہے۔

عزاداری حق پسندی، باطل شکنی، ایثار وقربانی، ثبات واستقلال۔
صداقت وشجاعت، راست گوئی، اصول پروری، صبر ورضا
اطاعتِ حق فکر دین جوشِ ایمانی پیدا کرنے کا نام ہے۔

عزاداری مجرمین اور ظالمین کے خلاف آواز بلند کرنے کا نام ہے۔

عزاداری عزاداری استقامت، بصیرت، بیداری اور شعور کی درستگاہ کا نام ہے۔

عزاداری عزاداری زندگی کے تمام شعبہ جات کی بدعنوانیوں وخرابیوں کی اصلاح کرنے کا نام ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عزاداری مردہ ضمیروں کو زندہ کرنے کا نام ہے۔

عزاداری شریعت کی بنیاد کی بقاء کا نام ہے۔

عزاداری آئمہ معصومین علیہم السلام سے وابستہ ہونے اور ان پر ظلم کرنے والوں سے نفرت و بیزاری کا اظہار کرنے کا نام ہے۔

عزاداری معاشرے کو فتنہ و فساد کو سر سے پاک کرنے کا نام ہے۔

عزاداری دین میں داخل کئے جانے والے انحرف اور خرافات کے خلاف مسلسل جدوجہد کرنے کا نام ہے۔

عزاداری کے دو حصے ہیں۔

☆ مصائب حسینؑ ☆ مقصد حسینؑ

مصائب حسینؑ ۔۔۔ حسین ابن علیؑ مقصد الٰہی کیلئے جدوجہد کرتے ہوئے جو مصیتیں امام حسین علیہ السلام پر پڑی انکو سن کر گریہ و ماتم کرنے کا کا نام مصائب حسین علیہ السلام ہے۔

یہ گریہ وزاری اور ماتم انسان کا فطری تقاضہ ہے خداوند عالم نے ہمارے جسم کو ایسا ہی تخلیق کیا ہے کہ ہم دنیا کے کسی بھی مظلوم کی داستان سنیں یا درد بھری فلم یا ڈرامے دیکھیں تو بے اختیار گریہ وزاری کرنے لگتے ہیں اور اس مظلوم سے ہمدردی، محبت اور حمایت کرنے کا احساس پیدا ہوتا ہے اور ظالم سے نفرت ہونے لگتی ہے۔

شقی، القلب یا ذہنی مریض انسان کسی مظلوم کی داستان سن کر یا ایسی فلم دیکھ کر اس کا دل مغموم نہیں ہوتا اور اس کے دل میں احساس و ہمدردی پیدا نہیں ہوتی۔

انسانوں کیلئے مصائب حسینؑ! وہ راستہ ہے جو مقصد حسین مقصد الٰہی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔۔۔ اگر آپ ذکر حسینؑ سے مقصد حسین پر گامزن نہیں ہیں تو پھر اپنے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گریہ و ماتم اور مجالس پر نظر ثانی کریں۔۔ کیا ہم معفت سے گریہ وزاری کرتے ہیں یا نہیں؟ مصائب حسینؑ کا ذکر سن کر گریہ وزاری کرنے سے انسان میں خارجی محرکات کی مدد سے انسان اپنے اندر لاشعوری کی گہرائیوں میں دبے ہوئے نقوش کو ابھار کے شعور کی سطح پر لے آئے اس طرح انسان میں دبی مثبت قوتیں ابھر کے معاشرے کی اصلاح کر سکے۔

محبان حسینؑ! اپنے ضمیر کا محاسبہ کریں!!

حسین ابن علیؑ جو چاہتے ہیں۔۔۔ کیا وہ آپ بھی چاہتے ہیں جس سے وہ نفرت کرتے ہیں تو کیا آپ بھی اس سے نفرت کرتے ہیں؟

۔۔۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ آپ فکر حسینؑ، مقصد حسینؑ کے خلاف عمل کر رہے ہیں؟

حضرت امام حسینؑ یہ چاہتے تھے کہ

☆ امت جد کے امور کی اصلاح

☆ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا احیاء

☆ امت مسلمہ کو انتشار و افتراق سے نجات دلانا

☆ اپنے جد محمد مصطفیٰ ﷺ اور والد گرامی علی المرتضیٰؑ کی سنت و سیرت کی پیروی کی دعوت دینا۔

کیا آپ اپنے نفس اور اپنے معاشرے کی برائیوں کی اصلاح اور اپنے کردار سے امت مسلمہ کو انتشار و افتراق سے نجات دلوانے کی کوشش کر رہے ہیں؟

یاد رکھیں جو لوگ اختلافی مسائل پر گفتگو یا تقریریں کر کے ملت اسلامیہ میں انتشار و افتراق پیدا کرتے ہیں دراصل وہ یزیدیت کو کامیاب بنا رہے ہیں اور پھر بھی کہہ رہے ہیں کہ ہم حسینؑ ابن علیؑ سے محبت کرتے ہیں۔ ایسے لیڈر، علامہ ذاکر اور ملا یزیدی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ٹولے کے ایجنٹ ہیں جو شیعہ سنی کا لبادہ اوڑھ کر ملت اسلامیہ میں انتشار پیدا کر رہے ہیں اور ملت اسلامیہ کو علاقائی، لسانی، مذہبی بنیادوں پر تقسیم کر کے مسلمانوں کی طاقت کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔

دراصل مقصد حسینؑ کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرنے والے یہی کم پڑھے لکھے علامہ وذاکر درباری ملا اپنی تقریروں میں مقصدِ حسینؑ کا کوئی ذکر نہیں کرتے بلکہ عوام الناس کو اپنے الفاظوں و آواز اداکاریوں کے فریب میں پھنسا کر ان کی دولت لوٹ لیتے ہیں جیسے کہ امام حسن عسکریؑ کا ارشاد ہے:

امام حسن عسکریؑ نے لوگوں کی شناخت ایسے نمایاں طریقہ سے فرمائی ہے کہ ان لوگوں کی تصویر بالکل سامنے آجاتی ہے اور معصوم کا ایک ایک جملہ بالکل فٹ بیٹھتا ہے علماء میں سے ایک ٹولہ بھی ہے جو ہمارے دوستوں اور موالیوں سے بغض وعناد رکھتا ہے۔ اور یہ ٹولہ اس پر تو قادر نہیں کہ کھلم کھلا ہمارا نام لے کر ہماری قدح کرتے اور ہماری برائی کر سکے (کیونکہ یہ ٹولہ ڈرتا ہے کہ کہیں موالی واصل جہنم نہ کر دیں) یہ ٹولہ ہمارے کچھ علوم پڑھ لیتا ہے اور انہی علوم کی وجہ سے ہمارے شیعوں اور موالیوں کے نزدیک قابل احترام بن جاتا ہے اور جب دیکھتا ہے کہ ہمارے کم علم سادہ لوح شیعہ اس ٹولے کی عزت کرنے لگے ہیں تو پھر یہ ٹولہ ہماری ذوات مقدسہ میں عیب ونقص دکھاتا ہے اور ہمارے دوستوں کے دشمنوں کے سامنے ہمارے عیوب بیان کرتا ہے اور پھر اپنے قیاس واجتہاد سے ان پر چھوٹے نقائص اور عیوب کو بڑھا کر بیان کرتا ہے اور پھر اپنے قیاس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

واجتہاد سے ان پر جھوٹے نقائص اور عیوب کو بڑھا کر بیان کرتا ہے حالانکہ ہم ان نقائص و عیوب سے مبرا ہیں ہمارے سادہ لوح کم علم شیعہ یہ سمجھ کر کہ یہ ٹولہ علوم بیان کرتا ہے، اس کی باتوں میں پھنس جاتے ہیں اور گمراہ ہو جاتے ہیں اور یہ ٹولہ ان بیچاروں کو گمراہ کر لیتا ہے۔ یہ ٹولہ ہماری کم علم سادہ لوح شیعوں کیلئے لشکری یزید ضرر رساں ہے جس نے حسینؑ ابن علیؑ اور ان کے اصحاب پر ظلم کیا تھا۔ کیونکہ یہ ٹولہ سادہ لوح کم علم شیعوں کی روح ایمان بھی سلب کر لیتا ہے اور ان کا مال لوٹ کھسوٹ لیتا ہے یہی ٹولہ، علماء سو ہے۔ یہی ٹولہ ہمارے موالیوں سے بغض و عناد رکھتا ہے اور انہیں اپنے دام میں پھنسانے کیلئے یہ کہتا ہے کہ ہم تو اہلبیتؑ سے محبت رکھتے ہیں اور ان کے دشمنوں سے عداوت رکھتے ہیں یہی ٹولہ بھیس بدل کر (یعنی ہمارے دوست بن کر) ہم علم شیعوں کے دلوں میں شک و شبہہ داخل کر دیتا ہے (جس کے بعد وہ بیچارے الجھنوں میں پھنس کر ہماری عظمت و شان پر ایمان و یقین سے محروم ہو جاتے ہیں) اور یہی ٹولہ انہیں گمراہ کر دیتا ہے اور حق صریح و خالص سے ان بیچاروں کو روک دیتا ہے۔

(حقائق الوسائط جلد اول صفحہ ۱۰۷) احتجاج طبرسی صہ ۲۳۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مقصد حسین بکلام حسینؑ

حضرت امام حسینؑ کا اپنے بھائی محمد بن حنفیہؒ کے نام وصیت نامہ سے ظاہر ہے۔

حسین ابن علیؑ گواہی دیتا ہے کہ پروردگار عالم کے علاوہ اور کوئی لائق عبادت نہیں۔ وہ بے مثل و بے مثال ہے۔ یہ حسینؑ گواہی دیتا ہے کہ محمد ﷺ خدا کے بندے اور اس کے رسول ﷺ ہیں وہ ذاتِ حق سے دین لائے ہیں۔ بہشت و دوزخ اٹل حقائق ہیں قیامت کا آنا برحق ہے اور اس میں کسی قسم کا شک نہیں کیا جا سکتا۔ خداوندِ عالم اس دن ان مردوں کو زندہ کریگا جو عرصہ سے قبروں میں دفن ہیں۔

میں حسینؑ ابن علیؑ فتنہ و فساد، ظلم و ستم اور سرکشی کیلئے گھر بار چھوڑ کر نہیں جا رہا اس تحریک سے میرا مقصد صرف اتنا ہے کہ میں امت جد کے امور کی اصلاح کروں۔ میں چاہتا ہوں کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا احیا کروں، امت مسلمہ کو انتشار و افتراق سے نجات دلاؤں۔ اپنے جد محمد مصطفیٰ ؐ اور اپنے والد گرامی قدر علی المرتضیٰؑ کی سنت و سیرت کی پیروی کی دعوت دوں اور جو کوئی میرے مقاصد کی پیروی کرتے ہوئے اس دعوت پر لبیک کہے تو اس کے لئے یہ بہت بہتر ہے اور خداوند عالم قبولیت حق کیلئے سزاوار ہے۔

(بحار جلد ۴۴ صفحہ ۳۳۲)

امام حسینؑ نے وارد کربلا ہونے سے قبل " بیضیہ " کے مقام پر اپنے ساتھیوں اور حر بن یزید کے لشکروں سے خطاب میں فرمایا:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے لوگو! رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی ایسی حکومت دیکھے جس نے ظلم و جور کو اپنا شعار بنالیا ہو، قوانین الٰہی میں تجاوز کرتی ہوں خدائے بزرگ و برتر کے ساتھ کیئے ہوئے عہد و پیمان کو درہم برہم کر رہی ہو۔ سنت رسول ﷺ کے برخلاف عمل پیرا ہو اور خدا کے بندوں کے ساتھ ظالمانہ و جابرانہ رویہ اختیار کیئے ہوئے ہو۔ تو اس پر واجب ہے کہ وہ اپنے گفتار و کردار سے اس کے ظلم و ستم اور گناہ کا سد باب کرنے کی کوشش کرے۔ جو کوئی یہ فرض پورا نہ کرے تو خداوندِ قدوس کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اس شخص کو اس حکومت کے ارکان کے ساتھ عذاب میں مبتلا کر دے۔

پھر ارشاد فرمایا: جان لو کہ یہ لوگ (یزید اور اس کے معاونین) شیطان کی پیروی کر رہے ہیں اور اس کو ترک کرنے پر آمادہ نہیں ہیں۔ انہوں نے اطاعت خداوندی سے منہ موڑ لیا ہے۔ اس کے احکام کو کوئی اہمیت نہیں دیتے اور کھلم کھلا دین اسلام کو تباہ و برباد کر رہے ہیں۔ انہوں ںے اللہ تعالیٰ کی متعین کردہ حدود سے تجاوز کیا ہے۔ عوام کے خزانے اور مسلمانوں کے مال و دولت کو اپنے لئے مخصوص کر رکھا ہے۔ محرمات الٰہی کو انہوں نے حلال قرار دے لیا ہے اور خدا نے جو کچھ حلال قرار دے لیا ہے اور خدا نے جو کچھ حلال قرار دیا ہے اسے حرام کر لیا ہے۔ تمام مسلمانوں میں سے مین اس کام کیلئے بہترین ہوں کہ ان برائیوں کے سد باب کیلئے کمر بستہ ہو جاؤں۔

(تاریخ طبری جلد ۴ صفحہ ۳۰۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرآن کریم میں ارشادِ باری ہے۔

"حدودِ الٰہی سے تجاوز کرنے والوں کی اطاعت نہ، کیونکہ یہ لوگ ہیں جو روئے زمین پر فساد برپا کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے"۔

(الشعراء ۱۵۱۔۱۵۲)

ایک اور جگہ ارشادِ باری ہے۔

"جو لوگ بھی بندگاہ خدا پر ظلم و ستم کرتے ہیں اور زمین میں ناحق فتنہ و فساد برپا کرتے ہیں۔ ان لوگوں کے خلاف آواز بلند کرنا ہر شخص کا فریضہ ہے"۔

(شوریٰ آیت ۴۲)

حضرت امام حسینؑ کی تحریک مقصد حکومت کے تمام شعبوں میں سنت پیغمبرؐ کا احیاء اور بدعتوں کا خاتمہ تھا۔

ہمارا گریہ و ماتم ــــ ان بادشاہوں اور حکمرانوں کے خلاف احتجاج میں ہے جو یزیدی صفت اور بے راہ رویوں کا شکار تھے اور شراب و معشوق کو ترک نہیں کرتے۔ ماضی کے یزید پر تمام مورخین متفق ہیں کہ یزید ہرگز حکومت و سلطنت کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے قابل نہ تھا۔ اس کی زندگی عیش و عشرت اور مخواری میں گزرتی تھی اس کی رات شراب کی مستی میں اور دن حالت خمار میں گزرتا تھا اس کی زندگی کا مقصد شراب شباب کے سوا کچھ نہ تھا طہٰ حسین لکھتے ہیں کہ:

"وہ کبھی لہو و لعب اور فسق و فجور سے نہ اکتاتا تھا"۔

علی و دو فرزندش صفحہ ۲۶۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسین علیہ السلام کی نظر میں یزید

امام حسین علیہ السلام کا خط معاویہ کے خط کے جواب میں جس میں ارشاد فرماتے ہیں جو کچھ تو نے یزید کی لیاقت اورامت اسلامی امور چلانے کی اہلیت کے بارے میں لکھا ہے وہ معلوم ہوگیا۔

اے معاویہ تو لوگوں کو یزید کے بارے میں دھوکہ دینا چاہتا ہے گویا کہ وکسی ایسے شخص کا تعارف کرا رہا ہے جو لوگوں کی نگاہوں سے پوشیدہ یا غائب ہو جسے لوگوں نے دیکھا ہی نہ ہو یا اس کو صرف تو ہی جانتا ہو ایسا ہرگز نہیں ہے۔ بلکہ یزید نے خود اپنے آپ کو پہنچوایا ہے اور اپنا ضمیر فاش کردیا ہے۔ یزید کا تعارف کرانا ہے تو یوں کراؤ کہ یزید کتوں سے کھیلنے میں مصروف رہنے والا ایک ابوالہوس آدمی ہے اور اپنا بیشتر وقت راگ ورنگ اور رقص وسرور کی محفلوں میں گزارتا ہے۔ یزید کا ایسا تعارف کراؤ اور اس کے علاوہ سعی حاصل نہ کر۔ (الامامہ والسیاسیہ جلد اول صفحہ ۱۹۵)

ایک جگہ امام حسینؑ نے فرمایا:

یعنی اگر امت اسلامیہ یزید یسے حکمران سے دوچار ہو
نائے تو اسلام کا خدا حافظ ہے۔ مثیر الاحزان صفحہ ۱۴

ایک اور جگہ آپ نے فرمایا:

یزید ایک شراب خور انسان ہے جو نفس متحرمہ کا قاتل ہے
مجھ جیسا تجھ جیسے کی بیعت ہرگز نہیں کرسکتا۔

(المقتل المطفوف صفحہ ۹)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس وقت مسلمانوں کی معاشرتی، سماجی اور ثقافتی حالت اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ اطاعت خلیفہ کو دین سمجھتے تھے اور خلیفہ ایسا تھا کہ جو اپنے عمل کے ذریعہ واضح کر رہا تھا کہ اسلام باطل ہے۔

اس لئے امام حسینؑ بیان کرنے کی کوشش کرتے رہے کہ خلیفہ کے خلاف قیام ممکن ہے اس کی اطاعت لازم نہیں۔

کیونکہ امام حسینؑ سید الشہداء اوصیاء پیامبر اسلام میں سے تھے ان کا اصل فریضہ شریعت اسلام کی حفاظت تھا۔

کیا ہمارے دور کے حکمران ایسے تو نہیں ہیں جو شراب شباب راگ ورنگ اور رقص وسرور کی محفلیں سجاتے ہیں اور نیک لوگوں پر ظلم وستم کرتے ہیں ان کی دولت سے عیش وعشرت کرتے ہیں؟

ایسے افراد کو ووٹ نہ دیان اور انکے خلاف آواز بلند کرنا تاسی قرآن الحکیم اور حضرت امام حسین ابن علیؑ ہے۔

ارشاد قرآن کریم ہے کہ!

> اور ہم نے تو جس بستی میں جو بھی آگاہ کرنے والا بھیجا،
> وہاں کے عیش وعشرت میں پڑے (آسودہ حال) لوگوں
> نے یہی کہا کہ جس چیز کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو، ہم ان
> کے ساتھ کفر کرنے والے ہیں"۔

(سورۃ سبا آیت ۳۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پس تم سے پہلے والے زمانے اور نسلوں کے لوگوں میں
سے ایسے صاحبانِ عقل کیوں نہ پیدا ہوئے جو لوگوں کو
زمین میں فساد پھیلانے سے روکتے، علاوہ ان چند افراد
کے جنہیں ہم نے نجات دے دی اور ظالم لوگ تو اپنے
عیش کے ہی پیچھے پڑے رہے اور یہ سب کے سب مجرم
تھے اور آپ کے رب کا کام یہ نہیں کہ کسی بستی کو ظلم کر کے
تباہ کر دے، جبکہ اس کے رہنے والے اصلاح کرنے
والے ہوں۔

(سورۃ ہود آیت نمبر ۱۱۷-۱۱۶)

ہمارا گریہ و ماتم۔۔۔ ان کے غم میں ہے جو اسلامی قانون کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔

اہل بصرہ کے نام امام حسین علیہ السلام کا خط

حسین ابن علیؑ ایک نمائندے کو خط دیکر تمہارے پاس بھیج رہا ہوں اور تمہیں کتاب خدا اور اتباع سنت پاک رسول ﷺ کی دعوت دے رہا ہوں، کیونکہ سنت رسول ﷺ سرے سے ختم ہو چکی ہے اور اس کی جگہ خلاف شرع کاموں نے لے لی ہے۔ اگر تم لوگ میری دعوت پر لبیک کہو اور میرے حکم پر سر اطاعت کر دو تو سعادت ونجات کی راہ پر لے چلوں گا۔

تاریخ طبری جلد ۴ صفحہ ۲۲۶

کامل ابن اثیر جلد ۳ صہ ۲۶۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ارشاد حضرت امام حسینؑ ہے کہ

خدا نے جو کچھ حلال قرار دیا ہے اسے حرام کر لیا ہے۔

تاریخ طبری جلد ۴ صہ ۳۰۴

ہمارا گریہ و ماتم ۔۔۔۔ ان لوگوں کے احتجاج میں ہے جنہوں نے عوام الناس کو فکروں کو روحانیت سے ہٹا کر مادیت کی طرف گامزن کیا جس کی وجہ سے لوگوں میں حرص لالچ وطمع اور اقتدار کی ہوس کی بناء پر صالح انسانوں کو اذیت دیکر شہید کیا۔

ارشاد حضرت علی علیہ السلام۔۔۔۔

☆ وہ گھاٹے میں ہے جو دنیا ہی میں مشغول رہا اور آخرت کا حصہ کھو بیٹھا۔

تجلیات حکمت صہ ۱۸۷

☆ حد درجہ لالچ سے بچو کیونکہ یہ تقوی کو تباہ کر کے جہنم میں داخل کر دیتا ہے۔

☆ ہر چیز کا بیج ہوتا ہے اور برائی کا بیج حد درجہ لالچ ہے۔

☆ کثرت حرص اپنے مرتکب کو بدبخت کر دیتی ہے اور اپنے اطرافیوں کو مار ڈالتی ہے۔

تجلیات حکمت صہ ۱۳۳

☆ حرص کے ہوتے ہوئے حرام سے اجتناب نہیں ہو سکتا۔

تجلیاتِ حکمت صہ ۱۳۱

ارشادات حضرت امام حسین علیہ السلام

تم صرف اس لئے میرے خلاف لڑ رہے ہو کہ تمہیں بنی امیہ نے دنیا کے حرام مال کا ایک معمولی حصہ دے دیا تا کہ تم ذلت کی زندگی بسر کرو۔ حالانکہ میں کوئی چھوٹا گناہ بھی نہیں کیا۔ وائے ہائے ہو تم پر کہ تم نے ہم سے دووری اختیار کی اور ہم کو چھوڑ دیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اعیان الشیعہ اول صہ ۱۵۵

جان لو کہ یہ لوگ شیطان کی پیروی کر رہے ہیں اور اس کو ترک کرنے پر آمادہ نہیں انہوں نے اطاعت خداوندی سے منہ موڑ لیا ہے۔

تاریخ طبری جلد ۴ صہ ۳۰۴

شمر جب امام حسینؑ کو شہید کرنے کیلئے آگے بڑھا تو امام نے فرمایا:

تو جانتا ہے کہ تو کسے قتل کر رہا ہے؟

اس نے جواب: ہاں ہاں! میں پوری طرح آپ کی معرفت رکھتا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ آپ کی مادر گرامی فاطمہ زہرا سید النساء العالمین، پدر بزرگوار علی مرتضیٰؑ اور آپ کے جد محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔ یہ جانتے ہوئے میں آپ کو قتل کرنے آیا ہوں"۔

امامؑ نے فرمایا: وائے ہو تجھ پر کہ تو اس طرح میری معرفت رکھتے ہوئے بھی مجھے قتل کرتا ہے"۔

اس نے کہا:

"ہم آپ کو قتل کر کے یزید سے منصب اور انعام لیں گے۔

امامؑ نے شمر سے پوچھا کہ:

تجھے میرے جد کی شفاعت زیادہ پسند ہے یا یزید کا انعام و کرام؟

تو اس ملعون نے جواب دیا کہ:

"یزید کی طرف سے ملنے والا انعام و اکرام مجھے آپ کے جد کی شفاعت سے زیادہ محبوب ہے۔

انصار حسینؑ صہ ۳۲۶

ابن زیاد نے عمران سعد کو ایک پروانہ لکھ کر دیا کہ اس کو اس کی کارکردگی کے صلہ میں "حکومت رے" عطا کی جاتی ہے۔ وہ "رے" کی طرف جانے کی تیاریوں میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مشغول تھا اور لشکر تیار کر ہی رہا تھا کہ اس اثناء میں امام حسینؑ کربلا میں وارد ہوئے۔

ابن زیاد نے عمر سعد سے کہا کہ پہلے کربلا جا کر حسینؑ کے مسئلہ سے فارغ ہو لے، پھر "رے" کا رخ کرنا۔ اس پر عمر سعد نے کربلا جانے سے معذرت چاہی تو عبید اللہ ابن زیاد نے کہا۔

اگر تم یہ کام کرنے سے انکار کرتے ہو تو وہ پروانہ جس میں تم سے حکومت "رے" کا وعدہ کیا گیا ہے مجھے واپس کر دو۔

عمر سعد خود کو حسینؑ کے قتل میں ملوث کرنا نہیں چاہتا تھا لیکن حکومت "رے" کی چاہت نے اسے تذبذب میں مبتلا کر دیا۔ اس نے ابن زیاد سے مہلت طلب کی تا کہ اس ۳۴ پر غور کر سکے۔ پھر اپنے عزیزوں سے اس سلسلے میں مشورہ طلب کیا تو اس کے بھانجے حمزہ ابن مغیرہ شعبہ نے کہا:

"اے عمر! میں تمہیں خدا کی یاد دلاتا ہوں۔ حسینؑ کے قتل سے اپنے دامن کو بچاؤ ورنہ گنہگار ہو جاؤ گے۔ تمہارے لئے مال دنیا سے محروم ہو کر مرنا اس سے کہیں بہتر ہے کہ حسینؑ کے خون سے اپنے ہاتھ رنگ کر قیامت میں محشور ہو"۔

لیکن حکومت "رے" کی محبت نے عمر سعد کو اس نصیحت کو قبول کرنے سے باز رکھا۔ چنانچہ اس نے حمزہ ابن مغیرہ شعبہ کو جواب دیا۔ میں اس مسئلے پر سوچوں گا۔

اس کے بعد اس نے تمام رات تذبذب کے عالم میں گزاری اور صبح اٹھ کر جو فیصلہ کیا وہ اس کے ان اشعار سے ظاہر۔ اشعار کا ترجمہ پیش خدمت ہے۔

"خدا کی قسم میں نہیں جانتا اور میں حیران ہوں۔ میں اپنے معاملے میں دو خطروں کے موڑ پر کھڑا حیرا اور سرگرداں ہوں۔ کیا میں سلطنت رے کو چھوڑ دوں جب کہ وہ میری آرزو ہے؟ یا حسینؑ کو قتل کر کے شقی ہو جاؤں جب کہ حسینؑ میرے ابن عم ہیں؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حوادث بہت سنگین ہیں۔اپنی جان کی قسم ''رے'' کی حکومت میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے حکومت ''رے'' کا سودا نقد ہے جب کہ حسینؑ کے ساتھ دینے کا اجر ادھار۔کون عاقل نقد کو چھوڑ کر ادھار کا سودا کرے گا؟ خدا میرے گناہوں کو بخش دے گا چاہے میں پورے جن وانس کے گناہوں کو لے کر اس کے روبرو جاؤں۔لوگ کہتے ہیں کہ خدا نے جنت وجہنم پیدا کی ہے۔اور قیامت میں مجرموں کیلئے طوق وزنجیر ہیں۔اگر لوگ سچ کہتے ہیں تو میں مرنے سے دو سال پہلے خدا سے توبہ کرلوں گا اور اگر یہ جھوٹ ہے تو دنیا کی حکومت تو مجھے مل ہی گئی۔

امعالی السبطین جلد اول صفحہ ۳۰۱/۳۰۲

آپ نے دیکھا جب انسان کی عقل پر حرص، لالچ اور طمع کا غلبہ چھا جائے تو وہ آئمہ معصومین علیہم کی معرفت رکھتے ہوئے بھی زہر یا تلوار سے شہید کرنے سے بھی گریز نہیں کرتا جیسے لالچ کی بناء پر امام حسنؑ کو ان کی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس نے زہر دے دیا اسی طرح عمر ابن سعد نے حکومت رے کے لالچ میں رسول اللہ ﷺ کا گھرانہ اجاڑ دیا۔

مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ حرص ولالچ اور طمع نکال باہر پھینکیں۔اگر یہ حرص اور لالچ بڑھ جائے تو وہ چند سکوں کی خاطر وقت کے یزیدیوں کا ساتھ دیتے ہوئے بھی مظلوموں اور مومنین کرام پر ظلم وستم اور قتل کرنے سے بھی گریز نہیں کریں گے۔

ہمارا گریہ وماتم۔۔۔ ان مظلوم عوام کیلئے جو حکومت کی غلط معاشی پالیسیوں کی وجہ سے مظلوم عوام غربت کی آگ میں جل رہے ہیں۔

جیسا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے ارشادات سے ظاہر ہوتا ہے۔

☆ قوم کے اندھے، بہرے اور غریب کسان شہروں میں لاوارث بن گئے ہیں لیکن ان کی حالت زار پر کوئی رحم نہیں کرتا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

☆ کمزوروں اور محتاجوں کے حقوق کو بالکل فراموش کر دیا گیا ہے۔

☆ بیت المال میں موجود عوام کی دولت، عوام کی معاشی مشکلات دور کرنے میں صرف ہونی چاہیئے۔

☆ عوام کے خزانے اور مسلمانوں کے مال و دولت کو (حکمرانوں) نے اپنے لئے مخصوص کر رکھا ہے۔

☆ ملک ایسے ظالموں کے ہاتھوں میں ہے جن کا کام صرف لوٹ کھسوٹ کرنا ہے۔

تحف العقول

امام حسین علیہ السلام نے امت مسلمہ کی معاشرتی مشکلات حل کرنے اور اسلامی معاشی و معاشرتی عدل کو رائج کرنے کیلئے میدان میں نکلے تھے۔

آپ سوچیئے کہ۔۔۔کیا آپ کے دور میں بھی ایسے حالات ہیں؟

تو آیئے دین اسلام اور دنیا کے مظلوموں کی خاطر محمدیؐ، علوی اور حسینی کردار کو مشعل راہ بنائیں۔

ہمارا گریہ و ماتم۔۔۔ان افراد کے احتجاج میں ہے جو انسانی حقوق کا نعرہ بلند کرتے ہوئے انسانیت کا خون بہا رہے ہیں۔

جیسا کہ ارشاداتِ حضرت امام حسینؑ ہیں۔

☆ تمام سلطنتِ اسلامی ان کے دستِ تصرف میں ہے امت مسلمہ ان کی غلام ہو کر رہ گئی ہے اور اپنے حقوق کی حفاظت سے قاصر ہے اس ظالم و سرکش گروہ کی دستبرداری سے کوئی کمزور اور غریب انسان محفوظ نہیں وہ مالکِ کائنات خدائے عزوجل اور آخرت پر ایمان نہیں رکھتے۔

تحف العقول صـ ۲۳۷

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

☆ انہیں لوگوں کی اصلاح اور فلاح و بہود سے کوئی غرض نہیں ہے۔

☆ وہ خدا کے بندوں کے ساتھ ظالمانہ و جابرانہ رویہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔

تحف العقول

اقوام متحدہ ادارہ اور امریکہ ایسا ملک ہے جس کے بارے میں حضرت امام حسینؑ کے ارشادات بالکل فٹ بیٹھے ہیں۔

ہمارا گریہ ماتم ۔۔۔ان لوں کے احتجاج میں ہے جو مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی خاطر عوام الناس میں لسانی، علاقائی، مذہبی نفرتیں پھیلا رہے ہیں، قتل و غارت کر کے اپنے آقاؤں کی خوشنودی کا حصول چاہتے ہیں۔

ارشادِ خداوندی ہے:

"جو لوگ بھی بندگانِ خدا پر ظلم و ستم کرتے ہیں اور زمین پر ناحق فتنہ و فساد برپا کرتے ہیں۔ان لوگوں کے خلاف آواز بلند کرنا ہر شخص کا فریضہ ہے"۔

(سورۃ شوریٰ آیت ۴۲)

ارشادات حضرت علی علیہ السلام ہے۔

☆ شیطان تمہارے مستحکم اجتماعات میں تفرقہ کے ذریعہ فتنہ و فساد پیدا کر دیتا ہے۔

☆ تفرقہ اہل باطل شیوہ ہے بھلے وہ کتنے ہی زیادہ ہوں اور اتحاد و ہم آہنگی اہل حق کا طریقہ ہے اگرچہ وہ کم ہی کیوں نہ ہوں۔ (تجلیات حکمت صہ ۳۷۵)

☆ بہترین سیاست عدل ہے۔

☆ کمزوروں کو اپنے عدل سے مایوس نہ کرو۔

(تجلیات حکمت صہ ۳۱۸)

ارشادات فاطمہ زہرا علیہا السلام ہے:

خداوند عالم نے دلوں کو نزدیک کرنے کیلئے عدالت کو قرار دیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یادرکھیں !! غیر عدل حکومتیں معاشرے میں فساد فی الارض پیدا کرتی ہیں جس کی وجہ سے عوام الناس کے دلوں میں نفرتیں اور دوریاں پیدا کرتی ہیں۔

عادل حکومتوں کی وجہ سے عوام الناس میں محبتیں قائم رہتی ہیں فتنہ وفساد کا خاتمہ ہوجاتا ہے اور امن وامان قائم رہتا ہے مظلوم اور ظالم میں انصاف وداد خواہی کی حدود مقرر ہوتی ہیں اور زیردستوں کی زبردستیاں، سرکشوں کی سرکشیاں ختم ہوجاتی ہیں۔

بہرحال قرآن کریم پیغمبروں کا ہدف اور مقصد، معاشرہ میں عدالت کا قیام بتلاتا ہے۔

یقیناً ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی دلیلیں دے کر بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل فرمایا تا کہ لوگ عدل پر قائم رہیں۔ (سورۃ الحدید آیت ۲۵)

جب انبیاء ایسا ہدف ومقصد رکھتے تھے تو ان کے وارث آئمہ معصومین علیہ السلام وہی ہدف اور مقصد رکھتے ہیں جولوگ اجتماعی عدالت کو نیست ونابود کرنا چاہتے تھے یقیناً انبیاء اور آئمہ ان کی مخالفت کرتے تھے۔

ہمارا گریہ و ماتم ۔۔۔۔۔ان افراد کے احتجاج میں ہے جنہوں نے اسلام قبول کرنے کے بعد اپنے کفار بزرگوں کے خون کا انتقام میں صالحین افراد کو شریک کیا۔

جیسا کہ ابومخف کہتے ہیں کہ جب حسینؑ خیام اہل بیتؑ سے آخری ملاقات کے بعد نکلے اور لشکر ابن سعد کے مقابل آئے تو آپؑ نے ان سے مخاطب ہو کر فرمایا۔

''تم میرے خلاف جنگ کرنے پر آمادہ ہو؟ کیا میں نے دین میں کوئی تخفیف کی ہے؟ کیا میں نے سنت پیغمبرﷺ کے خلاف کوئی کام کیا ہے؟

تو لشکر کی طرف سے جواب ملا:

''ہم آپ سے اس لئے جنگ کرتے ہیں کہ آپؑ سے اپنے آباؤاجداد کا انتقام لیں کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنہیں آپ کے پدر بزرگوار علی ابن ابی طالب نے قتل کیا تھا"

معالی السبطین جلد ۲ صہ ۱۲

ابن شہر آشوب اور بحار الانوار میں تحریر ہے کہ جب لشکر ابن سعد کے سپاہی ایک ایک کر کے امام مظلومؑ کیمقابل آ کر واصل جہنم ہوتے رہے تو لشکر میں سے کسی نے پکار کر کہا:

"وائے ہو تم پر! کیا تمہیں نہیں معلوم کہ تم اس کے ساتھ جنگ کر رہے ہو کہ جو انزع البصلین اور عربوں کے قاتل علی ابن ابی طالب کا بیٹا ہے؟ اس پر اس طرح کبھی غلبہ نہ پاسکو گے جب تک اس پر ہر طرف سے مل کر حملہ نہ کرو"۔

مقتل حسین از عبدالرزاق مقرر صہ ۳۲

چنانچہ سب نے مل کر امام حسین علیہ السلام پر ہر طرف سے تیر و تیر اور پتھروں سے حملہ کیا۔ بہر حال یہاں جو نکتہ توجہ طلب ہے وہ یہ ہے کہ امام حسینؑ کو قتل کرنے کیلئے لوگوں کے جذبہ انتقام کو بھڑکایا گیا گویا وہ بدر و حنین میں قتل ہونے والے اپنے کافر و مشرک آباؤ اجداد کا انتقام علیؑ کے فرزند حسینؑ سے لینا چاہتے تھے جیسا کہ حمید ابن مسلم کہتا ہے کہ

"جب امام حسینؑ کا سر اقدس ابن زیاد کے سامنے لایا گیا تو سر حسینؑ سے کھیلتے ہوئے کہا کہ: "اے حسینؑ! یہ دن بدر کے دن کا انتقام میں ہے"۔

انصار حسین صہ ۳۶۴

مروان بن حکم نے جب سر حسینؑ کو دیکھا تو یہ شعر پڑھا جس کا ترجمہ مندرجہ ذیل ہے۔

"میں نے اپنے بزرگوں کے خون کا بدلہ لے لیا۔ میرا قرض ادا ہو گیا اور میرے دل کا درد خون حسینؑ سے شفایاب ہو گیا"۔ مقتل حسین از عبدالرزاق مقرر صہ ۴۵۹

بہر حال وہ لوگ حسین ابن علی علیہ السلام سے بغض و کینہ اور دیرینہ عداوت وعناد کی وجہ سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کے خون کے پیاسے تھے، آپ کو شہید کر کے تاریخ انسانیت کی پیشانی پر ایسا سیاہ داغ لگا دیا جو مٹائے نہ مٹ سکے گا۔

ہمارا گریہ و ماتم۔۔۔۔ان حکمرانوں کے احتجاج میں ہے جو کہ مقدس خواتین کو بے حجاب کر کے تعلیمت اسلام کا مزاق اڑاتے ہیں۔

یزیدیت نے رسول خداؐ کی مقدس نواسیوں اور خواتین کی چادریں چھین کر اسلامی تعلیمات کا مذاق اڑایا ہے اور فعل حرام کو انجام دیا ہے۔

یاد رکھیں! حضرت امام حسین علیہ السلام کی جان سوز شہادت کی بعد یزیدی ٹولے نے وحشیانہ حرکتوں کا ارتکاب کر رکھا تھا۔

اہل بیتؑ نبوت فاطمہؑ کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے خیموں کو غارت کرنے اور لوٹنے کیلئے چاروں طرف سے فوج بڑھی وہ اس سلسلے میں ایک دوسرے پر سبقت کرتے تھے خواتین کے سروں پر چادریں چھین رہے تھے۔رسولؐ زادیاں رو رہی تھیں اروا پنے عزیزوں کی جدائی پر آنسو بہا رہی تھیں

راوی کہتا ہے کہ فوج یزید نے اہل حرم کو خیموں سے باہر نکال دیا اور ان میں آگ لگا دی، عورتیں سرو پا برہنہ خیموں سے نکلیں تو دشمنوں نے انہیں اسیر بنالیا۔

نفس المہوم صفحہ ۳۷۵۔۳۷۶

بحار الانوار جلد ۴۵ صفحہ ۵۸

ذرا سوچو کہ رسولؐ زادیوں کے پردے برچھیوں کی انی سے یزیدی فوج نے اتارے تھے۔آپ کا پردہ۔۔۔۔کس نے اتارا؟

بے پردگی یزیدی فعل ہے۔اگر یہی فعل ہم انجام دیں تو؟

پھر ہمارے فعل اور یزیدی فعل میں کیا فرق ہوگا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کل کا یزید بھی بے پردگی چاہتا تھا اور آج کا یزید بھی یہی چاہتا ہے۔
کیا ہم بھی یہی چاہتے ہیں؟

جو چاہتے ہیں پھر۔۔۔۔ ہمارا گریہ و ماتم۔۔۔۔ ان مردوں اور عورتوں کے احتجاج میں ہے جو اسلام اور عشق حسینؑ کے دعوے دار ہیں مگر اپنے عورتوں کو بے پردہ کر کے بازاروں میں گھماتے پھراتے ہیں اور پھر رسولؐ زادیوں کی بے پردگی پر روتے ہیں!!!!

اگر بے پردگی تعلیمات اسلام کا مذاق ہے اور فعل حرام ہے تو پھر آپ بے پردہ ہو کر اسلام کا مذاق کیوں اڑاتی پھرتی ہیں اور فعل حرام یزیدی کیوں انجام دیتی ہیں؟؟؟
آپ تو محمدؐ، علویؑ، حسینیؑ اور زینبیؑ ہیں۔

یاد رکھیں!! عصر حاضر کا یزید بے پردگی کو آزادی نسواں کا نام دیکر اپنے معاشی، سیاسی مفادات حاصل کرنا چاہتے ہیں۔۔۔ اور ہم باپردہ رہ کر ان کے عزائم کو خاکستر کر دیں گے اور مشن اسلام و زینبؑ کو کامیاب بنائیں گے۔
کل زینبؑ نے ہمارے پردے کی حفاظت کی تھی اور آج ہمیں بھی اپنے پردے کی حفاظت کر کے زینبؑ کی سنت ادا کرنی ہے یہی نجات ہے یہی سعادت ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاریخ علم

علامات رنگ

سیاہ رنگ کا علم۔۔۔۔۔اس وقت دنیا جہاں میں بطور احتجاج وسوگ اور مظلوموں کی حمایت کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

سرخ رنگ کا علم۔۔۔۔۔انقلاب لانے کی علامت ہے۔

انقلاب کے معنی تبدیل کے ہیں، تبدیلی دو اقسام کی ہوا کرتی ہے۔

اول۔۔۔منفی دوئم۔۔۔مثبت

منفی تبدیلی۔۔۔۔ جو قانون قرآن الحکیم سنت رسولؐ اور تعلیمات آئمہ معصومینؑ کے خلاف ہوں اسے منفی انقلاب کہتے ہیں۔

مثبت تبدیلی۔۔۔۔ جو قانون قرآن الحکیم سنت رسولؐ اور تعلیمات آئمہ معصومینؑ کے عین مطابق ہوں اسے مثبت انقلاب سمجھا جاتا ہے۔

پیلا رنگ کا علم۔۔۔ نفرت کی علامت سمجھا جاتا ہے

پیلا رنگ کا علم۔۔۔اہل حق کے ہاتھوں میں ہو تو یہ برائی۔ ظلم و بت پرستی اور طاغوتی نظام سے نفرت کا اظہار کرتا ہے اس کو نفرت مثبت کہتے ہیں۔

پیلا رنگ کا علم۔۔۔اہل باطل کے ہاتھوں میں ہو تو یہ اچھائی، حق پرستی، خدا پرستی اور قانون الٰہی سے نفرت کا اظہار کرتا ہے اس کو نفرت منفی کہتے ہیں۔

سفید رنگ کا علم۔۔۔امن کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

سبز رنگ کا علم۔۔۔خوشحالی کی علامت سمجھا جاتا ہے اسی طرح اور بھی رنگوں کی اپنی اپنی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علامات ہوا کرتی ہیں۔

آپ دیکھیں !!! کہ یہ سرخ، سیاہ، سفید، پیلا اور سبز رنگ والے علم معاشرے میں کسی قسم کی تبدیلی چاہتے ہیں مثبت یا منفی ان کے قول وفعل سے ظاہر ہوگا۔

عربی میں علم کی جگہ ''رایت'' اور لواء'' کی لفظ بھی استعمال کرتے ہیں لغوی اعتبار سے تینوں میں تھوڑا فرق ہے۔

ورایت اس پرچم کو کہتے ہیں جو بڑا ہو جو بڑا ہو اور زیرہ یا لکڑی پر لگایا جائے'' اور جس میں یہ خصوصیت نہ پائی جائے اس کو''لواء'' کہتے ہیں۔

مئورخین نے لغوین کی تعریف سے اختلاف کیا ہے، مورخین کہتے ہیں کہ آنخضرتؐ نے رمضان 1 ہجری میں جناب حمزہؓ کو جو پرچم عنایت فرمایا تھا اور اسی سال مسلمانوں کیلئے جو پرچم ترتیب دیا تھا اس کا نام ''رایت'' تھا۔

سیرۃ ابن ہشام درحاشیہ الروض جلد۲ صفحہ ۵۶

جنگ موتہ میں تین شخص یکے بعد دیگرے علمدار ہوئے

(۱) حضرت جعفر طیارؓ (۲) زید بن حارثہ (۳) عبداللہ بن رواحہ، یہ تینوں مجاہد اپنے فرائض کی ادائیگی میں شہید ہوئے۔

حضرت محمد ﷺ کے پرچموں ''علم'' کے رنگ بھی یکساں نہ رہے مختلف جنگوں میں علحیدہ علحیدہ رنگ استعمال کیے گئے۔

بدر میں حضرت علیؑ کے علم کا رنگ زرد تھا

بدر میں حضرت حمزہؓ کے علم کا رنگ سرخ تھا

احد وخیبر میں سفید تھا

واقعہ عین الوردہ میں خاکی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس وقت بدر میں لشکر اسلام کی علمداری حضرت امیرؑ کو ملی تو فوج السلام کے حوصلے بلند ہو گئے مسلمانوں نے آپ کے علم زیر سایہ دشمن پر حملہ کر دیا۔ اس جنگ میں حضرت علیؑ نے شجاعت و دلیری کا مظاہرہ کیا اور مشرکین کی شوکت و حشمت کو خاک میں ملا کر رکھ دیا۔

جنگ احد میں حضرت ختمی مرتبتؐ نے مصلحت جنگ کے پیش نظر علمدار لشکر مصعب بن عمیر کو بنایا تا کہ ان کا قبیلہ ''بنی عبدالدار'' آپ کا زیادہ سے زیادہ طرفدار بن سکے اور دوسری وجہ یہ تھی کہ مشرکین احد کا پرچمدار بھی اس قبیلہ سے تھا اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آنحضرتؐ کے علمدار مصعب نے حق علمداری ادا کر دیا آخر وقت تک علم کی حفاظت کرتے رہے جب دونوں ہاتھ قلم ہوئے تو سینہ سے علم کو گرنے سے روکے رہے لیکن جس وقت دشمن نے پشت پر نیزہ مارا اور زمین پر گرے تو علم زمین پر گرا جناب مصعب کی شہادت کے بعد آنحضرتؐ نے علم فوج حقیقی مستحق جناب امیر المومنین حضرت علیؑ کے حوالے فرمایا:

اسی طرح جنگ خیبر میں جب پے در پے دوروز دو جانے والوں کے ذریعہ شکست ہوئی تو مسلمانوں کے حوصلے پست ہو گئے اور یہودیوں کے حوصلے بلند لہٰذا آنحضرتؐ نے اس وقت فرمایا:

میں کل علم اس کو دونگا جو خدا اور رسول کو دوست رکھتا ہوگا اور خدا رسولؐ اس کو دوست رکھتے ہونگے جب تک فتح نہ پائے واپس نہیں ہوگا۔

اس بیان سے ہزاروں گردنیں مجمع میں بلند رہیں تا کہ پیغمبر کی نظرا گران پر نہ پڑی ہو تو اب پڑ جائے لیکن سب کی آرزوئیں خاک میں مل گئیں جب آنحضرتؐ نے علم کو اس کے حقیقی حقدار وارث، امیر المومنین حضرت علیؑ کو مرحمت فرمایا:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسلامی جنگوں میں علم صرف اور صرف حضرت علیؑ کے ہاتھوں میں رہا کوئی جنگ ایسی نہیں ہے جس میں آپ کی شرکت نہ رہی ہو صرف ایک تبوک ہے جس میں آپ نے شرکت نہیں کی شاید عدم شرکت کی وجہ یہ رہی ہو کہ اس میں خون خرابا نہیں تھا ورنہ اگر کہیں قتل وغارت ہوتی تو حضرت ختمی مرتبؐ قطعاً آپ کو مدینہ میں نہ چھوڑتے۔

صواعق محرقہ صفحہ ۲۰۷

لیکن افسوس یہ علم جس نے اسلام کو سر کو اونچا کر دیا تھا پچیس سال تک اس کا پھریرا لپٹا رہا پہلی جنگ بار جنگ جمل میں آپؑ کے نور نظر محمد بن حنفیہ کو یہ علم ملا تو انہوں نے کہا یہ رسول اکرمؐ کا علم ہے جو آج تک سرنگوں نہیں ہوا ہے۔

محمد حنفیہؒ جنگ نہروان میں علم دار لشکر رہے اور اس جنگ میں بھی آپ نے اپنے فریضہ کو خوب اچھی طرح انجام دیا۔

دشت نینوا میں حضرت عباسؑ کے انتخاب کی صرف وجہ یہ تھی کہ امام حسینؑ کیلئے آپ دوسروں کی بہ نسبت وفادار ترین فرد تھے آپ میں اوروں کے مقابلے میں علمداری کی لیاقت وصلاحیت زیادہ تھی فلسفہ انقلاب حسینی کے اصول واساس سے بہت زیادہ واقف تھے اور لوگوں کو شہادت کی حقیقت سے دوسروں کی بہ نسبت زیادہ آشنا کر سکتے تھے۔ حضرت عباسؑ میں لشکر کو متحد کرنے اور ان کے حقوق کی نگرانی کی بھی بے پناہ قوت تھی جنگ کے نشیب وفراز میں آپ انہیں ثابت قدم رکھ سکتے تھے۔

قمر بنی ہاشم کربلا کے خونین معرکہ میں امام حسینؑ کے نظریات کے سچے اور ثابت قدم مطمئن حامی تھے مختصراً یہ کہ حضرت امام حسینؑ کے جو اصحاب تھے وہ اپنے خون میں غلطاں ایک زار کربلا پر سو چکے تھے۔ اہل حرام کی آواز العطش العطش سنی تو یہ وہ موقع تھا جب حضرت عباسؑ سے نہ رہا گیا ایک بپھرے ہوئے شیر کی طرح امام حسینؑ کی خدمت میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabirabbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہنچے اور حضرتؑ سے اجازت جہاد چاہی اب امام حسینؑ کے لئے کوئی چارا نہ تھا حالات نہ گزیر ہیں، عباسؑ منزل شہادت کی طرف چل پڑے ہیں امام حسینؑ نے غازی سے پھر کہا عباس تم میرے علمدار ہو ذرا بچوں کیلئے پانی کی سبیل کرو۔

غازی عباسؑ علمدار دریا کی طرف چل پڑے اور فوج یزید کے متعین پہرا داروں کو تتر بتر کر دیا فرات میں پہنچ کر مشک کو پانی سے بھرا اور خیمہ کی طرف پانی لے جا تے ہوئے حکیم بن طفیل ملعون نے چھپ کر حملہ کیا داہنا ہاتھ قلم ہو گیا حضرت عباسؑ نے بائیں ہاتھ میں تلوار لی اور دشمن پر حملہ آور ہوئے اس وقت آپ یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

خدا کی قسم اگر تم لوگوں نے میرا داہنا ہاتھ قلم کر دیا ہے تو
میں اس کے باوجود اپنے دین کی حمایت کر تا رہوں گا
میں اپنی اس حالت کے باوجود امام حسینؑ کی نصرت کرتا رہوں گا
جو مرحلہ یقین پر فائز ہے جو طاہر و امین نبیؐ کا نور نظر ہے۔

ہاتھ کے قلم ہو جانے کے باوجود حضرتؑ بہت تیزی سے حرم کی طرف بڑھتے جا رہے تھے حکیم بن طفیل نے درخت خرمہ کے پیچھے سے چھپ کر دوبارہ حضرت پر حملہ کیا اور بایاں ہاتھ بھی قلم ہو گیا۔

اس بے چارگی کے عالم میں علمدارؑ نے علم کو گرنے نہ دیا سینے کے سہارے علم کو بلند کئے رہے دشمن کی جراتیں بڑھ چکی تھی ہر طرف سے گھیر لیا لیکن اس کے باوجود دشمن میں قریب آنے کی ہمت نہ تھی تیروں کی بارش شروع کر دی ایک تیر مشکیزہ پر لگا پانی بہہ گیا ایک تیر حضرت کے سینہ اطہر اور ایک تیر آنکھ میں پیوست ہوا اسی حالت میں ایک شقی نے ایک گرز گراں سر اقدس پر مارا آرزوئے اہل حرم زمین پر آیا خون سے پیکر نازنین غرق تھا ایک نحیف آواز فضائے کربلا میں بلند ہوئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آقا حسینؑ آپ پر میرا سلام آخر ہو

تظلم الزہرؑا صفحہ نمبر ۱۱۰

اے پرچم عباسؑ اٹھانے والو!! علم کو پکڑتے ہوئے یہ عہد کریں کہ:

اے عباس علمدارؑ جس مقصد کیلئے حسین ابن علیؑ اور آپؑ نے قربانی دی ایسی مقصد کیلئے ہم جدوجہد کرتے ہوئے قربانی دینے کیلئے تیار ہیں اور یہ پرچم اسلام (عباسؑ کو بلند رکھیں گے)۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سیاہ علم کیوں لہراتے ہیں

یہ سیاہ علم لگانے کا مقصد آدم تا دور حاضر کے ظالموں کے خلاف مظلوموں کی حمایت میں اس وقت تک بلند کرتے رہیں گے جب تک دنیا میں عدل وانصاف کی حکومت قائم نہیں ہو جاتی اور مظلوم طبقہ خوشحال اور پرامن زندگی بسر نہیں کر لیتا اس وقت تک مظلوموں کی حمایت میں سیاہ علم فضاء میں لہراتے رہیں گے۔

حسین ابن علیؑ نے دین اسلام کی بقاء مظلوموں، مزدوروں، کسانوں اور غریبوں وغیرہ کی خاطر اپنی جان و مال، خاندان، دوست واحباب سب کچھ قربان کر دیئے۔ اسی وجہ سے دنیا کے مظلوموں کیلئے حسین ابن علیؑ مشعل راہ بن گئے۔

حضرت عباسؑ علمدار احکام اسلام اور مظلوموں کی خاطر ظالموں کے خلاف علم بلند کرتے ہوئے اپنے دونوں بازو قلم کروا کے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر دیا اسی وجہ سے آپ علمدار کہلائے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سیاہ علم کس کا ہے

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ حسینیت کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ امن پسندوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ جوش ایمان والوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ صداقت وشجاعت والوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ مظلوموں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ غریب کسانوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ حریت پسندوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ وفاداروں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ عدل وآزادی کا نظام قائم کرنے والوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ لوگوں کو ظلم کے چنگل سے آزادی دلوانے والوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ ظالموں اور جابروں کے نظام کو ڈھانے والوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ دین پر مٹنے واالوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ فاسق وفاجر کو ووٹ نہ دینے والوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ طاغوتی طاقتوں کے حیلہ ومکر کو عیاں کرنے والوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ سیہ کار پلید لوگوں کی مخالفت کرنے والوں کا علم ہے۔

☆ یہ علم ۔۔۔۔۔ اسلام اور اسلامی اصولوں کو زندہ کرنے والوں کا علم ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ علم کیا چاہتا ہے؟

☆ یہ علم۔۔۔۔غریب عوام کی خوشحالی چاہتا ہے۔
☆ یہ علم۔۔۔۔مزدوروں کے حقوق کی بحالی چاہتا ہے۔
☆ یہ علم۔۔۔۔انفرادی و اجتماعی برائیوں کا خاتمہ چاہتا ہے۔
☆ یہ علم۔۔۔۔صالح معاشرے کا قیام چاہتا ہے۔
☆ یہ علم۔۔۔۔عدل و انصاف کی حکومت چاہتا ہے۔
☆ یہ علم۔۔۔۔امت مسلمہ میں انتشار و افتراق ختم کر کے اتحاد و اتفاق چاہتا ہے۔
☆ یہ علم۔۔۔۔دین میں داخل کئے جانے والے انحراف اور خرافات کا خاتمہ چاہتا ہے۔
☆ یہ علم۔۔۔۔صالح افراد جو احکام خداوندی کا پورا علم رکھتے ہوں اور حلال وحرام سے اچھی طرح واقف ہوں انکی حکومت چاہتا ہے۔
☆ یہ علم۔۔۔۔اللہ کی زمین پر اللہ کا قانون چاہتا ہے۔

اب یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ان دونوں میں کس راستے کو اختیار کرتے ہیں انسانیت کے سیدھے راستے کو جو مظلوموں کا ہمدرد ہے یا فاسق وفاجر اور ظالم جو انسانیت کا دشمن ہے۔ اگر آپ مظلوموں کے ساتھ ہمدردی رکھتے ہیں تو آیئے متحد ہو کر ظالم کا خاتمہ کرتے ہوئے قرآنی، مصطفوی ﷺ، علویؑ، حسینی نظام کیلئے جدوجہد کرتے ہوئے پرچم اسلام (یعنی پرچم عباسؑ) کو سربلند رکھیں۔ ظالم اور فاسق وفاجر اس علم سے خوف زدہ ہیں کیونکہ وہ طاغوتی نظام کے حامی ہیں وہ امت اسلامیہ میں انتشار و افتراق کی فضاء پیدا کر کے یہودی یزیدی مفادات کا حصول چاہتے ہیں۔ آپ متحد ہو کر ان کے زہریلے مقصد کو خاک میں ملا دیں۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بے بصیرت لوگ

ربیع بن خشیم معروف بہ خواجہ ربیع امیر المومنین حضرت علیؑ کے اصحاب میں سے ہیں۔ ان کا شمار ''زھاد ثمانیہ'' دنیا کے آٹھ زاہدوں میں ہوتا ہے۔

ربیع زہد و عبادت میں اس حد آگے بڑھا کہ اپنی عمر کے آخری دور میں اس ن ایک قبر تیار کی، وہ گاہے بگاہے اس میں جا کر لیٹ جاتا اور اپنے آپ کو وعظ کرتے ہوئے کہتا: اے ربیع! یہ نہ بھولنا کہ آخرکار تجھے اسی جگہ آنا ہے۔

وہ کبھی کبھی ذکرِ خدا کے سوا کوئی بات منہ سے نہ نکالتا۔ ہاں صرف ایک مرتبہ ذکر و دعا کے سوا ایک جملہ اس سے سنا گیا تھا اور یہ اس وقت کی بات ہے جب اسے اطلاع ملی کہ ایک گروہ نے فرزندِ ابن علیؑ کو شہید کر دیا ہے۔ لہٰذا اس حادثے پر اظہارِ افسوس کرتے ہوئے اس نے ایک جملہ کہا جس کا مضمون یہ ہے کہ: وائے ہو اس امت پر جس نے اپنے پیغمبرؐ کے فرزند کو شہید کیا۔

کہتے ہیں کہ بعد میں اس نے اپنے کلام پر استغفار طلب کی اور اس کی وجہ یہ بتائی کہ یہ کلام ذکرِ خدا میں سے نہ تھا۔ اس شخص نے اپنی عمر کے بیس برس مسلسل عبادت میں بسر کیے اور ایک لفظ بھی ایسا زبان پر نہ لایا جسے لوگ اصطلاحاً دنیا کی بات کہتے ہیں۔ حالانکہ اس دوران اس کے سامنے تین امام، امام علیؑ، امام حسنؑ اور امام حسینؑ شہید ہوئے۔ ربیع حضرت علیؑ کے زمانے میں آنجناب کے لشکر میں شامل تھا۔

ایک روز امام کی خدمت میں آیا اور عرض کی: اے امیر المومنینؑ مجھے اس جنگ کے بارے میں شک ہے مجھے جنگ کے غیر شرعی ہونے کا خوف ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام نے فرمایا: کیوں؟

کہا: کیونکہ اہم اہل قبلہ سے جنگ کر رہے ہیں، ایسے لگوں سے برسر پیکار ہیں جو ہماری طرح کلمہ پڑھتے ہیں، ہماری ہی مانند نماز ادا کرتے ہیں۔

کیونکہ ربیع اپنے آپ کو شیعہ سمجھتا تھا اور کھلم کھلا حضرت علیؑ سے علیحدگی اختیار کرنا نہیں چاہتا تھا۔ لہٰذا اس نے کہا: اے امیر المومنینؑ آپ سے میری استدعا ہے کہ آپؑ مجھے کسی ایسے کام پر لگائیے کہ جس میں مجھے شک وشبہ نہ ہو۔ مجھے کسی ایسی جگہ اور ایسی ذمہ داری پر بھیجئے جس میں میں تردو کا شکار نہ ہوں۔

حضرت علیؑ نے اس کی درخواست قبول کی اور اسے ایک سرحد پر بھیج دیا کہ اگر وہاں جنگ ہو تو اس کے مقابل کفار ومشرکین اور غیر مسلم ہوں!!!

یہ ان زاہدوں عابدوں کی ایک مثال تھی جو اس زمانے میں پائے جاتے تھے۔ بتایئے اس زاہد اور عبادت کی کیا اہمیت ہے، کیا قیمت ہے؟؟؟ ایسے زاہد کی کوئی بھی قیمت نہیں؟ ایک ایسا شخص جو حضرت علیؑ جیسے انسان کی رکاب میں ہو لیکن جو راہ حضرت علیؑ دکھائی اور جو فرمان جہاد علیؑ دیں اس کے بارے میں شک کرے، احتیاط پر عمل کرے!!!

اسلام بصیرت اور عمل کو ساتھ ساتھ چاہتا ہے۔ یہ شخص (خواجہ ربیع) بے بصیرت تھا۔ جب کوئی شخص معاویہ اور یزید کے ظلم وستم اور جرائم کو دیکھے اور گوشہ نشینی اختیار کرے، شب وروز نماز وذکرِ خدا میں بسر کرے اور اس ایک جملہ پر استغفار کرے جو فرزندِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت پر تاسف کے اظہار کے طور پر اس کے منہ سے نکلا تھا۔ تو یہ بات اسلامی تعلیمات سے سازگار نہیں ہمیشہ **"الجاھل مفرط او مفرط"** جاہل یا تو افراطی ہوتا ہے تفریطی، یا تو صرف اور صرف ذکر ودعا اور عبادت پر اکتفا کرتا ہے اور اسلام کے سیاسی اور اجتماعی پہلو کو ترک کر دیتا ہے یا اس کے برخلاف عبادات اور دین معنوی پہلو کو پس پشت ڈال کر اس کے سیاسی، اقتصادی اور اجتماعی پہلو میں مشغول رہتا ہے اور یہ دونوں رویے درست نہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حکایات وہدایات

عشق حسینؑ مٹائے نہ مٹے

عباسی خلیفہ متوکل کے دربار میں ایک کنیز ہوا کرتی تھی۔ایک روز متوکل نے کسی کام کے سلسلے میں اسے طلب کیا تو پتا چلا وہ نہیں ہے۔اس نے پوچھا: کہاں ہے؟ جواب دیا گیا: شہر سے باہر کہیں سفر پر گئی ہوئی ہے۔

کچھ عرصہ بعد وہ کنیز سفر سے واپس آئی تو متوکل نے اس سے دریافت کیا: تم کہاں گئی ہوئی تھیں؟

کنیز نے جواب دیا: میں مکہ مکرمہ گئی تھی۔

متوکل بولا: یہ مکہ جانے کا کونسا زمانہ تھا؟ نہ ہی ذی الحج ہے کہ حج کے قصد سے وہاں گئی ہو، نہ ہی رجب اور جب لوگ عمرے کی غرض سے مکہ جاتے ہیں۔ پس صحیح صحیح بتاؤ تم کہاں گئی تھیں۔

آخر کار متوکل کو پتا چل گیا کہ یہ عورت امام حسینؑ کی زیارت کیلئے گئی تھی۔

یہ جاننے کے بعد وہ چراغ پا ہوگیا اس کا سینہ جلنے لگا وہ جان گیا کہ نام حسینؑ کو یوں نہیں مٹایا جاسکتا۔

جب دشمن نے دیکھا کہ حسینؑ، کربلا اور عاشورا کی یاد کو لوگوں کے ذہنوں سے محو نہیں کیا جاسکتا، تو اس نے دوسرا طریقہ اختیار کیا اور وہ طریقہ لوگوں کو امام حسینؑ کی تحریک اور آپ علیہ السلام کی شہادت کے مقصد اور ہدف کے بارے میں گمراہ کرنا تھا۔ لہٰذا محبان حسینؑ کے درمیان بھی وہی بات مشہور کی گئی جو عیسائی حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں کہتے ہیں اور کہا گیا کہ حسینؑ ابن علیؑ امت کے گناہوں کا بوجھ اپنے کاندھوں پر اٹھانے کیلئے قتل ہوئے۔

(استاد مرتضیٰ مطہریؒ۔ حماسہ حسینیؑ۔ ج ا ص ۱۰۹۔۱۱۰)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گمراہ عزادار

آیت اللہ بروجردی رضوان اللہ علیہ کی مرجعیت کے ابتدائی برس تھے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب آقائی، بروجردی کو غیر معمولی اثر نفوذ حاصل تھا۔ آقا کو بتایا گیا کہ قم میں عزاداری میں بعض غلط رسول رائج ہو رہی ہیں۔

آپ نے تمام انجمنوں کے سربراہوں کو اپنے گھر مدعو کیا۔ جب سب جمع ہو گئے تو ان سے سوال کیا کہ آپ لوگ کس کی تقلید کرتے ہیں؟ سب نے یک زبان ہو کر کہا: ہم آپ کے مقلد ہیں۔

یہ سن کر آقائی بروجردی نے کہا: اگر آپ لوگ میرے مقلد ہیں تو سن لیجیے کہ عزاداری میں جن غلط رسول کو آپ نے رائج کیا ہے اس کے بارے میں میرا فتویٰ یہ ہے کہ یہ رسمیں حرام ہیں۔ یہ سن کر انجمنوں کے سربراہوں نے جسارت کرتے ہوئے دوٹوک الفاظ میں جواب دیا کہ جناب عالی! ہم سارے سال تو آپ کے مقلد ہیں، آپ کے فتاوی ے کی پیروی کرتے ہیں لیکن ان تین چار روز کیلئے ہمیں آزاد چھوڑ دیجیے، ہم ان ایام میں کسی صورت بھی آپ کی تقلید نہیں کریں گے۔

یہ کہہ کر یہ لوگ اٹھے اور اپنے مرجع تقلید کی بات کو اہمیت دیئے بغیر چلے گئے۔

جی ہاں! ان لوگوں کا یہی عمل اس بات کا عکاسی ہے کہ عزاداری منانے سے ان کا مقصد امام حسینؑ کے مشن کو تقویت پہنچانا نہیں، اسلام کی سربلندی نہیں بلکہ عزاداری ان کے لئے ایک مشغلہ کی حیثیت رکھتی ہے، ان کیلئے لذت اندوزی کا ذریعہ ہے۔

(استاد مرتضیٰ مطہری۔ حماسہ حسینیؑ۔ ج ا۔ ص ۱۵۸)

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas